کہہ دیجیے بیشک سارا فضل اللہ کے ہاتھ میں ہے وہ یہ فضل جسے چاہتا ہے دیتا ہے					

يَشَآءُۗ وَٱللَّهُ وَٰسِعٌ عَلِيمٞ ۝٧٣ يَخۡتَصُّ بِرَحۡمَتِهِۦ

يَشَآءُۗ	وَٱللَّهُ	وَٰسِعٌ	عَلِيمٞ ۝٧٣	يَخۡتَصُّ	بِرَحۡمَتِهِۦ
وہ چاہتا ہے	اور اللہ	وسعت والا	جاننے والا ہے	وہ خاص کرتا ہے	اپنی رحمت کے ساتھ

اور اللہ وسعت والا جاننے والا ہے-وہ اپنی رحمت کے ساتھ جسے چاہتا ہے خاص کرتا ہے

مَن يَشَآءُۗ وَٱللَّهُ ذُو ٱلۡفَضۡلِ ٱلۡعَظِيمِ ۝٧٤ وَمِنۡ أَهۡلِ ٱلۡكِتَٰبِ

مَن	يَشَآءُۗ	وَٱللَّهُ	ذُو ٱلۡفَضۡلِ ٱلۡعَظِيمِ ۝٧٤	وَمِنۡ	أَهۡلِ ٱلۡكِتَٰبِ
جسے	وہ چاہتا ہے	اور اللہ	بہت بڑے فضل والا ہے	اور بعض سے	اہل کتاب میں

اور اللہ بہت بڑے فضل والا ہے اور بعض اہل کتاب میں سے وہ ہیں کہ

مَنۡ إِن تَأۡمَنۡهُ بِقِنطَارٖ يُؤَدِّهِۦٓ

مَنۡ	إِن	تَأۡمَنۡهُ	بِقِنطَارٖ	يُؤَدِّهِۦٓ
وہ ہیں کہ	اگر	آپ ان کے پاس امانت رکھیں	ایک ڈھیر (سونے چاندی کا)	(تو بھی) ادا کر دیں گے وہ (ڈھیر)

اگر آپ ان کے پاس ایک ڈھیر سونے چاندی کا امانت رکھیں تو آپ کو وہ ڈھیر سونے چاندی کا ادا کر دیں گے

إِلَيۡكَ وَمِنۡهُم مَّنۡ إِن تَأۡمَنۡهُ بِدِينَارٖ

إِلَيۡكَ	وَمِنۡهُم	مَّنۡ	إِن	تَأۡمَنۡهُ	بِدِينَارٖ
آپ کو	اور بعض ان میں سے	وہ ہیں کہ	اگر	آپ امانت رکھیں ان کے پاس	ایک دینار (بھی)

اور بعض ان میں سے وہ ہیں کہ اگر آپ ان کے پاس ایک دینار بھی امانت رکھیں

لَّا يُؤَدِّهِۦٓ إِلَيۡكَ إِلَّا مَا دُمۡتَ عَلَيۡهِ قَآئِمٗاۗ

لَّا يُؤَدِّهِۦٓ	إِلَيۡكَ	إِلَّا	مَا دُمۡتَ	عَلَيۡهِ	قَآئِمٗاۗ
تو نہیں ادا کریں گے وہ (دینار)	آپ کو	مگر (یہ کہ)	آپ مسلسل رہیں	ان (کے سر) پر	کھڑے

تو آپ کو وہ دینار ادا نہیں کریں گے مگر یہ کہ آپ ان سے مسلسل مطالبہ کرتے رہیں

ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمۡ قَالُواْ لَيۡسَ عَلَيۡنَا فِي ٱلۡأُمِّيِّـۧنَ

ذَٰلِكَ	بِأَنَّهُمۡ	قَالُواْ	لَيۡسَ	عَلَيۡنَا	فِي ٱلۡأُمِّيِّـۧنَ
یہ	اس سبب سے کہ بیشک	انھوں نے کہا	نہیں ہے	ہم پر	اُمیوں (عربوں) کے بارے میں

یہ اس لیے کہ وہ کہتے ہیں کہ ان امیّین کے معاملے میں ہم پر کوئی ملامت نہیں ہے

سَبِيلٞ وَيَقُولُونَ عَلَى ٱللَّهِ ٱلۡكَذِبَ وَهُمۡ يَعۡلَمُونَ ٧٥

سَبِيلٞ	وَيَقُولُونَ	عَلَى ٱللَّهِ	ٱلۡكَذِبَ	وَهُمۡ	يَعۡلَمُونَ ٧٥
کوئی گناہ	اور وہ کہتے ہیں	اللہ پر	جھوٹ	حالانکہ وہ	جانتے ہیں

اور وہ جھوٹ گھڑ کر اللہ کی طرف منسوب کر رہے ہیں حالانکہ وہ جانتے ہیں (کہ اللہ نے ایسی کوئی بات نہیں فرمائی)

بَلَىٰۚ مَنۡ أَوۡفَىٰ بِعَهۡدِهِۦ وَٱتَّقَىٰ فَإِنَّ

بَلَىٰۚ	مَنۡ	أَوۡفَىٰ	بِعَهۡدِهِۦ	وَٱتَّقَىٰ	فَإِنَّ
کیوں نہیں	جو شخص	پورا کرے	اپنا عہد	اور (اللہ) سے ڈرے	تو بیشک

کیوں نہیں جو شخص کہ اللہ تعالیٰ سے کیے ہوئے اپنے عہد کو پورا کرے گا اور تقوی کی روش اختیار کرے گا

ٱللَّهَ يُحِبُّ ٱلۡمُتَّقِينَ ﴿٧٦﴾ إِنَّ ٱلَّذِينَ يَشۡتَرُونَ

ٱللَّهَ	يُحِبُّ	ٱلۡمُتَّقِينَ ﴿٧٦﴾	إِنَّ	ٱلَّذِينَ	يَشۡتَرُونَ
اللہ	محبت کرتا ہے	متقی لوگوں سے	بیشک	وہ لوگ جو	فروخت کرتے ہیں

تو اللہ تعالیٰ متقی لوگوں سے محبت کرتا ہے- بیشک وہ لوگ جو

بِعَهۡدِ ٱللَّهِ وَأَيۡمَٰنِهِمۡ ثَمَنًا قَلِيلًا أُوْلَٰٓئِكَ لَا خَلَٰقَ

بِعَهۡدِ ٱللَّهِ	وَأَيۡمَٰنِهِمۡ	ثَمَنًا	قَلِيلًا	أُوْلَٰٓئِكَ	لَا خَلَٰقَ
اللہ کے عہد	اور اپنی قسموں کے بدلے	قیمت	تھوڑی سی	یہ (وہ) لوگ ہیں کہ	نہیں کوئی حصہ

اللہ کے عہد اور اپنی قسموں کو تھوڑی قیمت پر فروخت کرتے ہیں

لَهُمۡ فِي ٱلۡأٓخِرَةِ وَلَا يُكَلِّمُهُمُ ٱللَّهُ وَلَا يَنظُرُ

لَهُمۡ	فِي ٱلۡأٓخِرَةِ	وَلَا يُكَلِّمُهُمُ	ٱللَّهُ	وَلَا	يَنظُرُ
ان کے لیے	آخرت میں	اور نہ کلام کرے گا ان سے	اللہ	اور نہ	وہ دیکھے گا

ان کا آخرت میں کوئی حصہ نہیں اور اللہ تعالیٰ قیامت کے دن نہ ان سے بات کرے گا اور نہ ان کی طرف دیکھے گا

إِلَيۡهِمۡ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِ وَلَا يُزَكِّيهِمۡ وَلَهُمۡ عَذَابٌ

إِلَيۡهِمۡ	يَوۡمَ	ٱلۡقِيَٰمَةِ	وَلَا يُزَكِّيهِمۡ	وَلَهُمۡ	عَذَابٌ
ان کی طرف (نظر رحمت سے)	دن	قیامت کے	اور نہ انہیں پاک کرے گا	اور ان کے لیے	عذاب ہے

اور نہ انہیں پاک کرے گا اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے-

أَلِيمٌ۝٧٧ وَإِنَّ مِنۡهُمۡ لَفَرِيقًا يَلۡوُۥنَ أَلۡسِنَتَهُم

أَلِيمٌ۝٧٧	وَإِنَّ	مِنۡهُمۡ	لَفَرِيقًا	يَلۡوُۥنَ	أَلۡسِنَتَهُم
دردناک	اور بیشک	ان میں سے	یقیناً ایک گروہ ایسا ہے	جو موڑتے ہیں	اپنی زبانیں

یقیناً ان میں ایک گروہ ایسا بھی ہے جو کتاب پڑھتے ہوئے اپنی زبان مروڑتا ہے

بِٱلۡكِتَٰبِ لِتَحۡسَبُوهُ مِنَ ٱلۡكِتَٰبِ وَمَا هُوَ مِنَ ٱلۡكِتَٰبِ

بِٱلۡكِتَٰبِ	لِتَحۡسَبُوهُ	مِنَ ٱلۡكِتَٰبِ	وَمَا	هُوَ	مِنَ ٱلۡكِتَٰبِ
کتاب (پڑھنے) کے ساتھ	تاکہ تم سمجھو اسے	کتاب میں سے	حالانکہ نہیں ہے	وہ	کتاب میں سے

تاکہ تم سمجھو کہ (جو کچھ وہ پڑھ رہے ہیں) وہ کتاب میں سے ہیں حالانکہ وہ کتاب میں سے نہیں ہے

وَيَقُولُونَ هُوَ مِنۡ عِندِ ٱللَّهِ وَمَا هُوَ

وَيَقُولُونَ	هُوَ	مِنۡ	عِندِ ٱللَّهِ	وَمَا	هُوَ
اور وہ کہتے ہیں کہ	وہ	سے	اللہ کی طرف (سے) ہے	اور حالانکہ نہیں ہے	وہ

اور وہ کہتے ہیں کہ وہ اللہ کی طرف سے ہے اور حالانکہ وہ اللہ کی طرف سے نہیں ہے

مِنۡ عِندِ ٱللَّهِ وَيَقُولُونَ عَلَى ٱللَّهِ ٱلۡكَذِبَ وَهُمۡ يَعۡلَمُونَ۝٧٨

مِنۡ عِندِ ٱللَّهِ	وَيَقُولُونَ	عَلَى ٱللَّهِ	ٱلۡكَذِبَ	وَهُمۡ	يَعۡلَمُونَ۝٧٨
اللہ کی طرف سے	اور وہ کہتے ہیں	اللہ پر	جھوٹ	جبکہ وہ	جانتے ہیں

اور وہ جانتے بوجھتے ہوئے اللہ پر جھوٹ باندھتے ہیں

مَا كَانَ لِبَشَرٍ أَن يُؤۡتِيَهُ ٱللَّهُ ٱلۡكِتَٰبَ وَٱلۡحُكۡمَ

وَٱلۡحُكۡمَ	ٱلۡكِتَٰبَ	ٱللَّهُ	أَن يُؤۡتِيَهُ	لِبَشَرٍ	مَا كَانَ
اور حکمت	کتاب	اللہ	یہ کہ دے اس کو	کسی انسان کے لیے	نہیں ہے لائق

کسی انسان کے شایان شان نہیں ہے کہ اللہ تعالیٰ تو اسے کتاب حکمت اور نبوت دے

وَٱلنُّبُوَّةَ ثُمَّ يَقُولَ لِلنَّاسِ كُونُواْ عِبَادًا لِّي

عِبَادًا لِّي	كُونُواْ	لِلنَّاسِ	يَقُولَ	ثُمَّ	وَٱلنُّبُوَّةَ
میرے بندے	ہو جاؤ	لوگوں سے	وہ کہے	پھر	اور نبوت

پھر وہ لوگوں سے کہے کہ اللہ کو چھوڑ کر میرے بندے جاؤ

مِن دُونِ ٱللَّهِ وَلَٰكِن كُونُواْ رَبَّٰنِيِّـۧنَ بِمَا كُنتُمۡ

كُنتُمۡ	بِمَا	رَبَّٰنِيِّـۧنَ	كُونُواْ	وَلَٰكِن	مِن دُونِ ٱللَّهِ
ہو تم	اور اس وجہ سے کہ	رب والے	(وہ تو کہے گا) تم ہو جاؤ	اور لیکن	اللہ کو چھوڑ کر

بلکہ (وہ تو یہی دعوت دے گا کہ) اللہ والے بن جاؤ

تُعَلِّمُونَ ٱلۡكِتَٰبَ وَبِمَا كُنتُمۡ تَدۡرُسُونَ ٧٩

تَدۡرُسُونَ ٧٩	كُنتُمۡ	وَبِمَا	ٱلۡكِتَٰبَ	تُعَلِّمُونَ
پڑھتے	ہو تم (خود بھی)	اور اس وجہ سے	کتاب کی	تعلیم دیتے

اس وجہ سے کہ تم لوگوں کو کتاب کی تعلیم دیتے ہو اور تم خود بھی تو اس کو پڑھتے ہو۔

وَلَا يَأۡمُرَكُمۡ أَن تَتَّخِذُواْ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةَ وَٱلنَّبِيِّـۧنَ

وَلَا يَأۡمُرَكُمۡ	أَن	تَتَّخِذُواْ	ٱلۡمَلَٰٓئِكَةَ	وَٱلنَّبِيِّـۧنَ
اور نہ یہ کہ وہ تمھیں حکم دے گا (اس بات کا)	کہ	تم بناؤ	فرشتوں کو	اور نبیوں کو
اور نہ کبھی وہ تمھیں اس بات کا حکم دے گا کہ تم فرشتوں کو اور انبیاء کو رب بنالو۔				

أَرۡبَابًاۗ أَيَأۡمُرُكُم بِٱلۡكُفۡرِ بَعۡدَ إِذۡ أَنتُم مُّسۡلِمُونَ۝٨٠

أَرۡبَابًاۗ	أَيَأۡمُرُكُم	بِٱلۡكُفۡرِ	بَعۡدَ	إِذۡ أَنتُم	مُّسۡلِمُونَ۝٨٠
رب	کیا وہ تمھیں حکم دے گا	کفر کا	اس کے بعد	کہ تم (ہو چکے)	مسلمان
کیا وہ تمھارے مسلمان ہونے کے بعد بھی تمھیں کفر کا حکم دے گا					

وَإِذۡ أَخَذَ ٱللَّهُ مِيثَٰقَ ٱلنَّبِيِّـۧنَ لَمَآ ءَاتَيۡتُكُم

وَإِذۡ	أَخَذَ ٱللَّهُ	مِيثَٰقَ	ٱلنَّبِيِّـۧنَ	لَمَآ	ءَاتَيۡتُكُم
اور جب	اللہ نے لیا	وعدہ	(تمام) انبیاء سے	کہ جو کچھ	میں تمھیں دوں
اور جب اللہ نے تمام انبیاء سے وعدہ لیا کہ جو کچھ بھی میں تمھیں کتاب اور حکمت دوں					

مِّن كِتَٰبٖ وَحِكۡمَةٖ ثُمَّ جَآءَكُمۡ رَسُولٞ مُّصَدِّقٞ

مِّن كِتَٰبٖ	وَحِكۡمَةٖ	ثُمَّ	جَآءَكُمۡ	رَسُولٞ	مُّصَدِّقٞ
کتاب سے	اور حکمت (سے)	پھر	تمھارے پاس آئے	کوئی رسول	جو تصدیق کرنے والا ہو
پھر آئے تمھارے پاس کوئی اور رسول جو تصدیق کرنے والا ہو					

لِّمَا مَعَكُمۡ لَتُؤۡمِنُنَّ بِهِۦ وَلَتَنصُرُنَّهُۥۚ

لِّمَا	مَعَكُمۡ	لَتُؤۡمِنُنَّ	بِهِۦ	وَلَتَنصُرُنَّهُۥۚ
اس کی جو	تمھارے پاس ہے	تو تم ضرور ایمان لانا	اس (رسول) کے ساتھ	اور تم ضرور اس کی مدد کرنا

اس کی جو تمھارے پاس (پہلے سے) موجود ہے تو تم ضرور اس پر ایمان لانا اور اس کی مدد کرنا

قَالَ ءَأَقۡرَرۡتُمۡ وَأَخَذۡتُمۡ عَلَىٰ ذَٰلِكُمۡ إِصۡرِيۖ قَالُوٓاْ

قَالَ	ءَأَقۡرَرۡتُمۡ	وَأَخَذۡتُمۡ	عَلَىٰ ذَٰلِكُمۡ	إِصۡرِيۖ	قَالُوٓاْ
(اللہ نے) فرمایا	کیا تم اقرار کرتے ہو	اور قبول کرتے ہو	اس پر	میرا پختہ عہد	انہوں نے کہا

اللہ نے فرمایا کیا تم اقرار کرتے ہو اور اس پر ڈالی ہوئی میری ذمہ داری قبول کرتے ہو انہوں نے کہا

أَقۡرَرۡنَاۚ قَالَ فَٱشۡهَدُواْ وَأَنَا۠ مَعَكُم مِّنَ ٱلشَّٰهِدِينَ ﴿٨١﴾

أَقۡرَرۡنَاۚ	قَالَ	فَٱشۡهَدُواْ	وَأَنَا۠	مَعَكُم	مِّنَ ٱلشَّٰهِدِينَ ﴿٨١﴾
ہم نے اقرار کیا	(اللہ نے) فرمایا	تو تم گواہ رہنا	اور میں (بھی)	تمھارے ساتھ ہوں	گواہوں میں سے

ہم نے اقرار کیا۔ اللہ نے فرمایا تو تم گواہ رہنا اور میں بھی تمھارے ساتھ گواہوں میں سے ہوں

فَمَن تَوَلَّىٰ بَعۡدَ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ ﴿٨٢﴾

فَمَن	تَوَلَّىٰ	بَعۡدَ ذَٰلِكَ	فَأُوْلَٰٓئِكَ	هُمُ	ٱلۡفَٰسِقُونَ ﴿٨٢﴾
پھر جو کوئی	پھر جائے	اس کے بعد	تو لوگ	وہی ہیں	نافرمان

پھر اس کے بعد جو کوئی پھر جائے تو وہی نافرمان لوگ ہیں

أَفَغَيۡرَ دِينِ ٱللَّهِ يَبۡغُونَ وَلَهُۥٓ أَسۡلَمَ

أَفَغَيۡرَ	دِينِ ٱللَّهِ	يَبۡغُونَ	وَلَهُۥ	أَسۡلَمَ
کیا پھر سوائے	اللہ کے دین کے	یہ (کوئی اور دین) تلاش کر رہے ہیں	حالانکہ اسی (اللہ) کے	فرمانبدار ہیں

کیا پھر اللہ کے دین کے سوائے یہ کوئی اور دین تلاش کر رہے ہیں حالانکہ اسی اللہ کے فرمانبدار ہیں

مَن فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ طَوۡعٗا وَكَرۡهٗا وَإِلَيۡهِ

مَن	فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ	وَٱلۡأَرۡضِ	طَوۡعٗا	وَكَرۡهٗا	وَإِلَيۡهِ
جو کوئی بھی ہے	آسمانوں میں	اور زمین میں	خوشی سے	اور ناخوشی سے	اور اسی کی طرف

جو کوئی بھی آسمانوں میں اور زمین میں ہے خوشی سے ہوں یا ناخوشی سب اسی کی طرف لوٹائیں جائیں گے

يُرۡجَعُونَ ٨٣ قُلۡ ءَامَنَّا بِٱللَّهِ وَمَآ أُنزِلَ

يُرۡجَعُونَ ٨٣	قُلۡ	ءَامَنَّا	بِٱللَّهِ	وَمَآ	أُنزِلَ
وہ لوٹائے جائیں گے	کہہ دیجیے	ہم ایمان لائے	اللہ پر	اور اس پر جو	نازل کیا گیا

کہہ دیجیے ہم ایمان لائے اللہ پر اور جو کچھ ہم پر اتارا گیا ہے

عَلَيۡنَا وَمَآ أُنزِلَ عَلَىٰٓ إِبۡرَٰهِيمَ وَإِسۡمَٰعِيلَ وَإِسۡحَٰقَ

عَلَيۡنَا	وَمَآ	أُنزِلَ	عَلَىٰٓ إِبۡرَٰهِيمَ	وَإِسۡمَٰعِيلَ	وَإِسۡحَٰقَ
ہم پر	اور جو	نازل کیا گیا	ابراہیمؑ پر	اور اسماعیلؑ	اور اسحٰقؑ

اور جو کچھ ابراہیمؑ اور اسماعیلؑ اور اسحٰقؑ

وَيَعۡقُوبَ وَٱلۡأَسۡبَاطِ وَمَآ أُوتِيَ مُوسَىٰ وَعِيسَىٰ

وَيَعۡقُوبَ	وَٱلۡأَسۡبَاطِ	وَمَآ	أُوتِيَ	مُوسَىٰ	وَعِيسَىٰ
اور یعقوبؑ	اور ان کی اولاد پر	اور جو	دیئے گئے	موسیٰؑ	اور عیسیٰؑ

اور یعقوبؑ اور ان کی اولاد پر اتارا گیا ہے اور جو کچھ موسیٰؑ اور عیسیٰؑ

وَٱلنَّبِيُّونَ مِن رَّبِّهِمۡ لَا نُفَرِّقُ بَيۡنَ أَحَدٖ مِّنۡهُمۡ

وَٱلنَّبِيُّونَ	مِن رَّبِّهِمۡ	لَا نُفَرِّقُ	بَيۡنَ	أَحَدٖ	مِّنۡهُمۡ
اور دوسرے انبیاء	اپنے رب کی طرف سے	ہم فرق نہیں کرتے	درمیان	کسی ایک کے	ان میں سے

اور دوسرے انبیاء اپنے رب کی طرف سے دیئے گئے ہم ان میں سے کسی ایک کے درمیان فرق نہیں کرتے

وَنَحۡنُ لَهُۥ مُسۡلِمُونَ ﴿٨٤﴾ وَمَن يَبۡتَغِ غَيۡرَ ٱلۡإِسۡلَٰمِ

وَنَحۡنُ	لَهُۥ	مُسۡلِمُونَ ﴿٨٤﴾	وَمَن	يَبۡتَغِ	غَيۡرَ ٱلۡإِسۡلَٰمِ
اور ہم	اسی (اللہ) کے	فرمانبردار ہیں	اور جو کوئی	تلاش کرے گا	سوائے اسلام کے

اور ہم اسی اللہ کے فرمانبردار ہیں اور جو کوئی اسلام کے سوائے کوئی اور دین تلاش کرے گا

دِينٗا فَلَن يُقۡبَلَ مِنۡهُ وَهُوَ فِي ٱلۡأٓخِرَةِ

دِينٗا	فَلَن	يُقۡبَلَ	مِنۡهُ	وَهُوَ	فِي ٱلۡأٓخِرَةِ
کوئی اور دین	تو ہرگز نہیں	قبول کیا جائے گا	اس سے	اور وہ	آخرت میں

تو اس سے ہرگز نہیں قبول کیا جائے گا اور وہ آخرت میں خسارہ پانے والوں میں سے ہوگا

مِنَ ٱلۡخَٰسِرِينَ ﴿٨٥﴾ كَيۡفَ يَهۡدِي ٱللَّهُ قَوۡمًا كَفَرُواْ

مِنَ ٱلۡخَٰسِرِينَ ﴿٨٥﴾	كَيۡفَ	يَهۡدِي	ٱللَّهُ	قَوۡمًا	كَفَرُواْ
خسارہ پانے والوں میں سے ہو گا	کیسے	ہدایت دے گا	اللہ	ایسے لوگوں کو	جو کافر ہو گئے
اللہ کیسے ایسے لوگوں کو ہدایت دے گا					

بَعۡدَ إِيمَٰنِهِمۡ وَشَهِدُوٓاْ أَنَّ ٱلرَّسُولَ حَقٌّ

بَعۡدَ إِيمَٰنِهِمۡ	وَشَهِدُوٓاْ	أَنَّ	ٱلرَّسُولَ	حَقٌّ
اپنے ایمان (لانے) کے بعد	اور (اس کے بعد کہ) انھوں نے گواہی دی	(اس بات کی) کہ بلاشبہ	یہ رسول	برحق ہیں
جو اپنے ایمان لانے اور رسول کی حقانیت کی گواہی دینے				

وَجَآءَهُمُ ٱلۡبَيِّنَٰتُۚ وَٱللَّهُ لَا يَهۡدِي ٱلۡقَوۡمَ ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٨٦﴾

وَجَآءَهُمُ	ٱلۡبَيِّنَٰتُۚ	وَٱللَّهُ	لَا يَهۡدِي	ٱلۡقَوۡمَ	ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿٨٦﴾
اور آئیں ان کے پاس	واضح دلیلیں	اور اللہ	نہیں ہدایت دیتا	قوم کو	ظالم
اور اپنے پاس روشن دلیلیں آجانے کے بعد کافر ہو جائیں اور اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں دیتا-					

أُوْلَٰٓئِكَ جَزَآؤُهُمۡ أَنَّ عَلَيۡهِمۡ لَعۡنَةَ ٱللَّهِ وَٱلۡمَلَٰٓئِكَةِ

أُوْلَٰٓئِكَ	جَزَآؤُهُمۡ	أَنَّ	عَلَيۡهِمۡ	لَعۡنَةَ ٱللَّهِ	وَٱلۡمَلَٰٓئِكَةِ
یہ لوگ	ان کی سزا (یہ) ہے	کہ بیشک	ان پر	اللہ کی لعنت ہے	اور فرشتوں کی
ان کی تو یہی سزا ہے کی ان پر اللہ کی اور فرشتوں کی					

وَٱلنَّاسِ أَجۡمَعِينَ ٨٧ خَٰلِدِينَ فِيهَا لَا يُخَفَّفُ عَنۡهُمُ ٱلۡعَذَابُ

وَٱلنَّاسِ أَجۡمَعِينَ ٨٧	خَٰلِدِينَ	فِيهَا	لَا يُخَفَّفُ	عَنۡهُمُ	ٱلۡعَذَابُ
اور تمام لوگوں کی	وہ ہمیشہ رہیں گے	اس میں	نہیں ہلکا کیا جائے گا	ان سے	عذاب

اور تمام لوگوں کی لعنت ہے وہ ہمیشہ اس میں رہیں گے ۔ نہ تو ان سے عذاب ہلکا کیا جائے گا

وَلَا هُمۡ يُنظَرُونَ ٨٨ إِلَّا ٱلَّذِينَ تَابُواْ مِنۢ بَعۡدِ ذَٰلِكَ

وَلَا هُمۡ يُنظَرُونَ ٨٨	إِلَّا	ٱلَّذِينَ	تَابُواْ	مِنۢ بَعۡدِ ذَٰلِكَ
اور نہ ہی وہ مہلت دیئے جائیں گے	مگر	وہ لوگ جنہوں نے	توبہ کی	اس کے بعد

اور نہ ہی وہ مہلت دیئے جائیں گے ۔ مگر وہ لوگ جنہوں نے اس کے بعد توبہ کی

وَأَصۡلَحُواْ فَإِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٞ رَّحِيمٌ ٨٩ إِنَّ

وَأَصۡلَحُواْ	فَإِنَّ	ٱللَّهَ	غَفُورٞ	رَّحِيمٌ ٨٩	إِنَّ
اور (اپنی) اصلاح کرلی	تو بیشک	اللہ	بخشنے والا	رحم کرنے والا ہے	بیشک

اور اپنی اصلاح کرلی تو بیشک اللہ بخشنے والا رحم کرنے والا ہے

ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ بَعۡدَ إِيمَٰنِهِمۡ ثُمَّ ٱزۡدَادُواْ

ٱلَّذِينَ	كَفَرُواْ	بَعۡدَ	إِيمَٰنِهِمۡ	ثُمَّ	ٱزۡدَادُواْ
وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	بعد	اپنے ایمان (لانے) کے	پھر	وہ بڑھتے گئے

بیشک وہ لوگ جنہوں نے اپنے ایمان لانے کے بعد کفر کیا پھر وہ کفر میں بڑھتے گئے

كُفۡرٗا لَّن تُقۡبَلَ تَوۡبَتُهُمۡ وَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلضَّآلُّونَ ۝٩٠

كُفۡرٗا	لَّن تُقۡبَلَ	تَوۡبَتُهُمۡ	وَأُوْلَٰٓئِكَ	هُمُ	ٱلضَّآلُّونَ ۝٩٠
کفر میں	ہرگز نہیں قبول کی جائے گی	ان کی توبہ	اور یہی لوگ	ہیں	گمراہ
ہرگز ان کی توبہ قبول نہیں کی جائے گی اور یہی لوگ گمراہ ہیں					

إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ وَمَاتُواْ وَهُمۡ كُفَّارٞ

إِنَّ	ٱلَّذِينَ	كَفَرُواْ	وَمَاتُواْ	وَهُمۡ كُفَّارٞ
بیشک	وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	اور وہ مر گئے	اس حال میں کہ وہ کافر تھے
بیشک وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور کفر کی حالت میں مر گئے				

فَلَن يُقۡبَلَ مِنۡ أَحَدِهِم مِّلۡءُ ٱلۡأَرۡضِ ذَهَبٗا وَلَوِ

فَلَن يُقۡبَلَ	مِنۡ أَحَدِهِم	مِّلۡءُ ٱلۡأَرۡضِ	ذَهَبٗا	وَلَوِ
تو ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا	ان میں سے کسی ایک سے	زمین بھر	سونا (بھی)	اگرچہ
تو ہرگز قبول نہیں کیا جائے گا ان میں سے کسی ایک سے بھی زمین بھر سونا اگرچہ				

ٱفۡتَدَىٰ بِهِۦٓۗ أُوْلَٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٞ

ٱفۡتَدَىٰ	بِهِۦٓۗ	أُوْلَٰٓئِكَ	لَهُمۡ	عَذَابٌ	أَلِيمٞ
وہ فدیے میں دے دے	اسے	یہ لوگ	ان کے لیے	عذاب ہے	دردناک
وہ اسے فدیے میں دے دے یہ لوگ کہ ان کے لیے دردناک عذاب ہے					

وَمَا لَهُم مِّن نَّٰصِرِينَ ۝٩١ لَن تَنَالُواْ ٱلۡبِرَّ

ٱلۡبِرَّ	لَن تَنَالُواْ	نَّٰصِرِينَ ۝٩١	مِّن	لَهُم	وَمَا
نیکی	تم ہرگز نہیں حاصل کر سکو گے	مددگار	کوئی	ان کے لیے	اور نہیں ہوگا
اور ان کے لیے کوئی مددگار نہیں ہوگا تم ہرگز نیکی نہیں حاصل کر سکو گے					

حَتَّىٰ تُنفِقُواْ مِمَّا تُحِبُّونَۚ وَمَا تُنفِقُواْ

تُنفِقُواْ	وَمَا	تُحِبُّونَۚ	مِمَّا	تُنفِقُواْ	حَتَّىٰ
تم خرچ کرو	اور جو بھی	تم پسند کرتے ہو	کچھ ان (چیزوں) میں سے جو	تم خرچ کرو	یہاں تک کہ
یہاں تک کہ اپنی پسندیدہ چیزوں میں سے کوئی چیز اللہ کے راستے میں خرچ کرو اور جو بھی کوئی چیز تم خرچ کرو					

مِن شَيۡءٖ فَإِنَّ ٱللَّهَ بِهِۦ عَلِيمٞ ۝٩٢ كُلُّ

كُلُّ	عَلِيمٞ ۝٩٢	بِهِۦ	ٱللَّهَ	فَإِنَّ	مِن شَيۡءٖ
تمام	جاننے والا ہے	اس کو	اللہ	تو بیشک	کوئی چیز
تو بیشک اللہ اس کو جاننے والا ہے					

ٱلطَّعَامِ كَانَ حِلّٗا لِّبَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ إِلَّا مَا

مَا	إِلَّا	لِّبَنِيٓ إِسۡرَٰٓءِيلَ	حِلّٗا	كَانَ	ٱلطَّعَامِ
اس کے جو	سوائے	بنی اسرائیل	حلال	تھے	کھانے
تمام کھانے بنی اسرائیل پر حلال تھے سوائے اس کے جو					

حَرَّمَ إِسۡرَٰٓءِيلُ عَلَىٰ نَفۡسِهِۦ مِن قَبۡلِ أَن تُنَزَّلَ

حَرَّمَ	إِسۡرَٰٓءِيلُ	عَلَىٰ نَفۡسِهِۦ	مِن قَبۡلِ	أَن	تُنَزَّلَ
حرام کر لیا تھا	یعقوبؑ نے	اپنے آپ پر	اس سے پہلے	کہ	نازل کی جائے
تورات کے نزول سے پہلے یعقوبؑ نے جس چیز کو اپنے اوپر حرام کر لیا تھا					

ٱلتَّوۡرَىٰةُۚ قُلۡ فَأۡتُواْ بِٱلتَّوۡرَىٰةِ فَٱتۡلُوهَآ إِن

ٱلتَّوۡرَىٰةُۚ	قُلۡ	فَأۡتُواْ	بِٱلتَّوۡرَىٰةِ	فَٱتۡلُوهَآ	إِن
تورات	کہہ دیجیے	تو تم لے آؤ	تورات	پھر اسے پڑھو	اگر
آپ کہہ دیجیے کہ اگر تم سچے ہو تو تورات لے آؤ اور پڑھ کر سناؤ					

كُنتُمۡ صَٰدِقِينَ ٩٣ فَمَنِ ٱفۡتَرَىٰ عَلَى ٱللَّهِ ٱلۡكَذِبَ

كُنتُمۡ	صَٰدِقِينَ ٩٣	فَمَنِ	ٱفۡتَرَىٰ	عَلَى ٱللَّهِ	ٱلۡكَذِبَ
ہو تم	سچے	پھر جس نے	باندھا	اللہ پر	جھوٹ
پھر جس نے اس کے بعد اللہ پر جھوٹ باندھا					

مِنۢ بَعۡدِ ذَٰلِكَ فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلظَّٰلِمُونَ ٩٤ قُلۡ صَدَقَ ٱللَّهُۗ فَٱتَّبِعُواْ

مِنۢ بَعۡدِ ذَٰلِكَ	فَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ	ٱلظَّٰلِمُونَ ٩٤	قُلۡ	صَدَقَ ٱللَّهُۗ	فَٱتَّبِعُواْ
اس کے بعد	تو یہی لوگ	ظالم ہیں	کہہ دیجیے	اللہ نے سچ کہا ہے	لہذا تم اتباع کرو
تو یہی لوگ ظالم ہیں کہہ دیجیے اللہ نے سچ کہا ہے لہذا تم ملت ابراہیمؑ کی اتباع کرو					

مِلَّةَ إِبۡرَٰهِيمَ حَنِيفٗاۖ وَمَا كَانَ مِنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ٩٥ إِنَّ

إِنَّ	مِنَ ٱلۡمُشۡرِكِينَ٩٥	كَانَ	وَمَا	حَنِيفٗاۖ	مِلَّةَ إِبۡرَٰهِيمَ
بیشک	مشرکوں میں سے	تھے وہ	اور نہیں	جو حق پرست تھے	ملت ابراہیمؑ کا
جو حق پرست تھے اور وہ مشرکوں میں سے نہیں تھے					

أَوَّلَ بَيۡتٖ وُضِعَ لِلنَّاسِ لَلَّذِي بِبَكَّةَ

بِبَكَّةَ	لَلَّذِي	لِلنَّاسِ	وُضِعَ	بَيۡتٖ	أَوَّلَ
مکہ میں ہے	یقیناً وہی ہے جو	لوگوں کے لیے	جو مقرر کیا گیا	گھر	پہلا
بیشک پہلا گھر جو لوگوں کے لیے مقرر کیا گیا (اللہ کی عبادت کے لیے) یقیناً وہی ہے جو مکہ میں ہے					

مُبَارَكٗا وَهُدٗى لِّلۡعَٰلَمِينَ٩٦ فِيهِ ءَايَٰتُۢ بَيِّنَٰتٞ

بَيِّنَٰتٞ	ءَايَٰتُۢ	فِيهِ	لِّلۡعَٰلَمِينَ٩٦	وَهُدٗى	مُبَارَكٗا
واضح	نشانیاں ہیں	اس میں	جہانوں کے لیے	اور ہدایت ہے	برکت والا
جو تمام دنیا کے لیے برکت و ہدایت والا ہے اس میں بڑی واضح نشانیاں ہیں					

مَّقَامُ إِبۡرَٰهِيمَۖ وَمَن دَخَلَهُۥ كَانَ ءَامِنٗاۗ وَلِلَّهِ

وَلِلَّهِ	ءَامِنٗاۗ	كَانَ	دَخَلَهُۥ	وَمَن	مَّقَامُ إِبۡرَٰهِيمَۖ
اور اللہ ہی کے لیے ہے	امن والا	وہ ہو گیا	اس میں داخل ہوا	اور جو کوئی	مقام ابراہیم (وغیرہ)
جیسے مقام ابراہیم ہے اور جو بھی اس میں داخل ہو جاتا ہے امن میں آ جاتا ہے					

عَلَى ٱلنَّاسِ حِجُّ ٱلۡبَيۡتِ مَنِ ٱسۡتَطَاعَ إِلَيۡهِ سَبِيلٗاۚ

عَلَى ٱلنَّاسِ	حِجُّ ٱلۡبَيۡتِ	مَنِ	ٱسۡتَطَاعَ	إِلَيۡهِ	سَبِيلٗاۚ
لوگوں پر	بیت اللہ کا حج کرنا	جو کوئی	طاقت رکھے	اس کی طرف	راستے کی
اللہ نے ان لوگوں پر جو اس کی طرف راہ پا سکتے ہوں اس گھر کا حج فرض کر دیا ہے					

وَمَن كَفَرَ فَإِنَّ ٱللَّهَ غَنِيٌّ عَنِ ٱلۡعَٰلَمِينَ ﴿٩٧﴾

وَمَن	كَفَرَ	فَإِنَّ	ٱللَّهَ	غَنِيٌّ	عَنِ ٱلۡعَٰلَمِينَ ﴿٩٧﴾
اور جس نے	کفر کیا	تو بیشک	اللہ	بے پرواہ ہے	جہانوں سے
اور جس نے کفر کیا (استطاعت کے باوجود حج نہ کیا) تو وہ جان لے کہ بیشک اللہ تمام جہان والوں سے بے پرواہ ہے					

قُلۡ يَٰٓأَهۡلَ ٱلۡكِتَٰبِ لِمَ تَكۡفُرُونَ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ وَٱللَّهُ

قُلۡ	يَٰٓأَهۡلَ ٱلۡكِتَٰبِ	لِمَ	تَكۡفُرُونَ	بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ	وَٱللَّهُ
کہہ دیجیے	اے اہل کتاب	کیوں	تم کفر کرتے ہو	اللہ کی آیات کے ساتھ	اور اللہ
کہہ دیجیے اے اہل کتاب کیوں تم اللہ کی آیات کے ساتھ کفر کرتے ہو					

شَهِيدٌ عَلَىٰ مَا تَعۡمَلُونَ ﴿٩٨﴾ قُلۡ يَٰٓأَهۡلَ ٱلۡكِتَٰبِ لِمَ تَصُدُّونَ

شَهِيدٌ	عَلَىٰ مَا تَعۡمَلُونَ ﴿٩٨﴾	قُلۡ	يَٰٓأَهۡلَ ٱلۡكِتَٰبِ	لِمَ	تَصُدُّونَ
گواہ ہے	اس پر جو تم کرتے ہو	کہہ دیجیے	اے اہل کتاب	کیوں	تم روکتے ہو
اور اللہ اس پر گواہ ہے جو تم کرتے ہو۔ اے اہل کتاب کیوں تم ایمان والوں کو اللہ کے راستے سے روکتے ہو					

عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ مَنۡ ءَامَنَ تَبۡغُونَهَا عِوَجًا وَأَنتُمۡ

عَن سَبِيلِ ٱللَّهِ	مَنۡ	ءَامَنَ	تَبۡغُونَهَا	عِوَجًا	وَأَنتُمۡ
اللہ کے راستے سے	اس کو جو	ایمان لایا؟	تم ڈھونڈتے ہو اس (راہ) میں	ٹیڑھ (عیب)	اور حالانکہ تم
اور اس میں تم عیب ڈھونڈتے ہو اور حالانکہ تم گواہ ہو					

شُهَدَآءُۗ وَمَا ٱللَّهُ بِغَٰفِلٍ عَمَّا تَعۡمَلُونَ ۝٩٩

شُهَدَآءُۗ	وَمَا	ٱللَّهُ	بِغَٰفِلٍ	عَمَّا	تَعۡمَلُونَ ۝٩٩
گواہ ہو	اور نہیں ہے	اللہ	غافل	اس سے جو	تم کرتے ہو
اور اللہ تمھارے اعمال سے غافل نہیں ہے					

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِن تُطِيعُواْ فَرِيقًا مِّنَ ٱلَّذِينَ

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ	ءَامَنُوٓاْ	إِن	تُطِيعُواْ	فَرِيقًا	مِّنَ ٱلَّذِينَ
اے وہ لوگوں جو	ایمان لائے ہو	اگر	تم اطاعت کروگے	ایک فریق کی	ان لوگوں میں سے جو
اے ایمان والوں! اگر تم اہل کتاب کی کسی جماعت کی باتیں مانوگے					

أُوتُواْ ٱلۡكِتَٰبَ يَرُدُّوكُم بَعۡدَ إِيمَٰنِكُمۡ كَٰفِرِينَ ۝١٠٠

أُوتُواْ ٱلۡكِتَٰبَ	يَرُدُّوكُم	بَعۡدَ	إِيمَٰنِكُمۡ	كَٰفِرِينَ ۝١٠٠
دیئے گئے ہیں کتاب	تو لوٹادیں گے (بنادیں گے) تمھیں	بعد	تمھارے ایمان (لانے) کے	کفر کرنے والے
تو وہ تمھیں تمھارے ایمان لانے کے بعد پھر کافر بنادیں گے				

وَكَيۡفَ تَكۡفُرُونَ وَأَنتُمۡ تُتۡلَىٰ عَلَيۡكُمۡ ءَايَٰتُ ٱللَّهِ

وَكَيۡفَ	تَكۡفُرُونَ	وَأَنتُمۡ	تُتۡلَىٰ	عَلَيۡكُمۡ	ءَايَٰتُ ٱللَّهِ
اور کیسے	تم کفر کروگے	جبکہ تم (وہ ہو کہ)	تلاوت کی جاتی ہیں	تم پر	اللہ کی آیات
اور کیسے تم کفر کروگے جبکہ تم پر اللہ کی آیات تلاوت کی جاتی ہیں					

وَفِيكُمۡ رَسُولُهُۥۗ وَمَن يَعۡتَصِم بِٱللَّهِ

وَفِيكُمۡ	رَسُولُهُۥۗ	وَمَن	يَعۡتَصِم	بِٱللَّهِ
اور تمھارے اندر	اس کا رسول (موجود) ہے	اور جو کوئی	مضبوطی سے پکڑ لے	اللہ (کے دین) کو
اور تمھارے اندر اس کا رسول موجود ہے اور جو کوئی اللہ کے دین کو مضبوطی سے پکڑ لے				

فَقَدۡ هُدِيَ إِلَىٰ صِرَٰطٖ مُّسۡتَقِيمٖ ﴿١٠١﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ

فَقَدۡ	هُدِيَ	إِلَىٰ	صِرَٰطٖ	مُّسۡتَقِيمٖ ﴿١٠١﴾	يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ
تو یقیناًوہ	ہدایت دیا گیا	طرف	سیدھے	راستے کی	اے لوگوں جو
تو یقیناً وہ سیدھے راستے کی طرف ہدایت دیا گیا					

ءَامَنُواْ ٱتَّقُواْ ٱللَّهَ حَقَّ تُقَاتِهِۦ وَلَا تَمُوتُنَّ إِلَّا

ءَامَنُواْ	ٱتَّقُواْ ٱللَّهَ	حَقَّ	تُقَاتِهِۦ	وَلَا تَمُوتُنَّ	إِلَّا
ایمان لائے ہو	تم اللہ سے ڈرو	جیسا کہ حق ہے	اس سے ڈرنے کا	اور تم ہرگز نہ مرنا	مگر
اے ایمان والوں تم اللہ سے ڈرو جیسا کہ اس سے ڈرنے کا حق ہے اور مرتے دم تک مسلمان ہی رہنا۔					

وَأَنتُم مُّسۡلِمُونَ ١٠٢ وَٱعۡتَصِمُواْ بِحَبۡلِ ٱللَّهِ جَمِيعًا

وَأَنتُم	مُّسۡلِمُونَ ١٠٢	وَٱعۡتَصِمُواْ	بِحَبۡلِ ٱللَّهِ	جَمِيعًا
اس حال میں کہ تم	مسلمان ہو	اور تم مضبوطی سے پکڑلو	اللہ کی رسی کو	سب (اکٹھے)
اور تم سب اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑلو				

وَلَا تَفَرَّقُواْۚ وَٱذۡكُرُواْ نِعۡمَتَ ٱللَّهِ عَلَيۡكُمۡ إِذۡ كُنتُمۡ

وَلَا تَفَرَّقُواْۚ	وَٱذۡكُرُواْ	نِعۡمَتَ ٱللَّهِ	عَلَيۡكُمۡ	إِذۡ	كُنتُمۡ
اور تفرقہ نہ کرو (پھوٹ نہ ڈالو)	اور تم یاد کرو	اللہ کی نعمت	جو تم پر ہوئی	جب	تم تھے
اور تفرقہ نہ کرو یعنی پھوٹ نہ ڈالو اور اللہ کی نعمت کو یاد کرو جب تم ایک دوسرے کے دشمن تھے					

أَعۡدَآءً فَأَلَّفَ بَيۡنَ قُلُوبِكُمۡ فَأَصۡبَحۡتُم بِنِعۡمَتِهِۦٓ

أَعۡدَآءً	فَأَلَّفَ	بَيۡنَ	قُلُوبِكُمۡ	فَأَصۡبَحۡتُم	بِنِعۡمَتِهِۦٓ
دشمن (ایک دوسرے کے)	تو اس نے الفت ڈال دی	درمیان	تمھارے دلوں کے	پھر تم ہوگئے	اس کی نعمت سے
تو اس نے تمھارے دلوں میں الفت ڈال دی پھر تم اس کی مہربانی سے بھائی بھائی ہوگئے					

إِخۡوَٰنًا وَكُنتُمۡ عَلَىٰ شَفَا حُفۡرَةٍ مِّنَ ٱلنَّارِ فَأَنقَذَكُم

إِخۡوَٰنًا	وَكُنتُمۡ	عَلَىٰ شَفَا	حُفۡرَةٍ	مِّنَ ٱلنَّارِ	فَأَنقَذَكُم
بھائی (بھائی)	اور تم تھے	کنارے پر	گڑھے کے	آگ کے ایک	بالآخر اس (اللہ) نے تمھیں بچالیا
اور تم آگ کے گڑھے کے کنارے پر تھے (بس اس میں گرنے والے ہی تھے) تو اللہ نے تمھیں اس آگ سے بچالیا					

مِّنۡهَاۗ كَذَٰلِكَ يُبَيِّنُ ٱللَّهُ لَكُمۡ ءَايَٰتِهِۦ لَعَلَّكُمۡ

لَعَلَّكُمۡ	ءَايَٰتِهِۦ	لَكُمۡ	يُبَيِّنُ ٱللَّهُ	كَذَٰلِكَ	مِّنۡهَاۗ
تاکہ تم	اپنی آیتیں	تمھارے لیے	اللہ بیان کرتا ہے	اسی طرح	اس (آگ) سے

اسی طرح اللہ تمھارے لیے اپنی آیتیں بیان کرتا ہے تاکہ تم ہدایت پاؤ

تَهۡتَدُونَ ١٠٣ وَلۡتَكُن مِّنكُمۡ أُمَّةٞ يَدۡعُونَ إِلَى ٱلۡخَيۡرِ

إِلَى ٱلۡخَيۡرِ	يَدۡعُونَ	أُمَّةٞ	مِّنكُمۡ	وَلۡتَكُن	تَهۡتَدُونَ ١٠٣
بھلائی کی طرف	جو بلائے	ایک جماعت	تم میں سے	اور چاہیے کہ ہو	ہدایت پاؤ

اور چاہیے کہ ہو تم میں سے ایک جماعت جو بھلائی کی طرف بلائے

وَيَأۡمُرُونَ بِٱلۡمَعۡرُوفِ وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ ٱلۡمُنكَرِۚ وَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ ٱلۡمُفۡلِحُونَ ١٠٤

ٱلۡمُفۡلِحُونَ ١٠٤	وَأُوْلَٰٓئِكَ هُمُ	عَنِ ٱلۡمُنكَرِۚ	وَيَنۡهَوۡنَ	بِٱلۡمَعۡرُوفِ	وَيَأۡمُرُونَ
فلاح پانے والے	اور یہی لوگ ہیں	برے کاموں سے	اور وہ روکے	اچھے کاموں کا	اور حکم دے

اور اچھے کاموں کا حکم دے اور برے کاموں سے وہ روکے اور یہی لوگ فلاح پانے والے ہیں

وَلَا تَكُونُواْ كَٱلَّذِينَ تَفَرَّقُواْ وَٱخۡتَلَفُواْ مِنۢ بَعۡدِ مَا جَآءَهُمُ

جَآءَهُمُ	مِنۢ بَعۡدِ مَا	وَٱخۡتَلَفُواْ	تَفَرَّقُواْ	كَٱلَّذِينَ	وَلَا تَكُونُواْ
آگئیں ان کے پاس	اس کہ بعد کہ	اور اختلاف کیا	فرقوں میں بٹ گئے	ان لوگوں کی مانند جو	اور نہ تم ہو جاؤ

اور تم ان لوگوں کی مانند نہ ہو جانا جو واضح دلیلیں یعنی تعلیمات آنے کے بعد فرقوں میں بٹ گئے

ٱلۡبَيِّنَٰتُۚ وَأُوْلَٰٓئِكَ لَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيمٞ ١٠٥ يَوۡمَ

ٱلۡبَيِّنَٰتُۚ	وَأُوْلَٰٓئِكَ	لَهُمۡ	عَذَابٌ	عَظِيمٞ ١٠٥	يَوۡمَ
واضح دلیلیں	اور یہ لوگ	ان کے لیے	عذاب	عظیم ہے	جس دن

انھیں لوگوں کے لیے عذاب عظیم ہے

تَبۡيَضُّ وُجُوهٞ وَتَسۡوَدُّ وُجُوهٞۚ فَأَمَّا ٱلَّذِينَ

تَبۡيَضُّ	وُجُوهٞ	وَتَسۡوَدُّ	وُجُوهٞۚ	فَأَمَّا	ٱلَّذِينَ
(کہ) سفید ہونگے	کئی چہرے	اور سیاہ ہونگے	کئی چہرے	پھر لیکن	وہ لوگ کہ

جس دن کہ کئی چہرے سفید اور کئی چہرے سیاہ ہونگے

ٱسۡوَدَّتۡ وُجُوهُهُمۡ أَكَفَرۡتُم بَعۡدَ إِيمَٰنِكُمۡ فَذُوقُواْ

ٱسۡوَدَّتۡ	وُجُوهُهُمۡ	أَكَفَرۡتُم	بَعۡدَ إِيمَٰنِكُمۡ	فَذُوقُواْ
سیاہ ہوئے	ان کے چہرے (ان سے کہا جائے گا)	کیا تم نے کفر کیا تھا	اپنے ایمان لانے کے بعد	تو (اب) تم چکھو

پھر سیاہ چہرے والوں سے کہا جائے گا کیا تم نے اپنے ایمان لانے کے بعد کفر کیا تھا

ٱلۡعَذَابَ بِمَا كُنتُمۡ تَكۡفُرُونَ ١٠٦ وَأَمَّا ٱلَّذِينَ

ٱلۡعَذَابَ	بِمَا	كُنتُمۡ	تَكۡفُرُونَ ١٠٦	وَأَمَّا	ٱلَّذِينَ
عذاب	بوجہ اس کے جو	تم تھے	کفر کرتے	اور لیکن	وہ لوگ کہ

تو اب اپنے کفر کا مزہ چکھو۔

ٱبۡيَضَّتۡ وُجُوهُهُمۡ فَفِي رَحۡمَةِ ٱللَّهِۖ هُمۡ فِيهَا خَٰلِدُونَ١٠٧

خَٰلِدُونَ١٠٧	فِيهَا	هُمۡ	فَفِي رَحۡمَةِ ٱللَّهِۖ	وُجُوهُهُمۡ	ٱبۡيَضَّتۡ
ہمیشہ رہیں گے	اس میں	وہ	تو (وہ) اللہ کی رحمت میں ہونگے	ان کے چہرے	سفید ہوئے
اور سفید چہرے والے اللہ کی رحمت میں ہونگے اور اس میں ہمیشہ رہیں گے					

تِلۡكَ ءَايَٰتُ ٱللَّهِ نَتۡلُوهَا عَلَيۡكَ بِٱلۡحَقِّۗ وَمَا ٱللَّهُ يُرِيدُ ظُلۡمٗا لِّلۡعَٰلَمِينَ١٠٨

وَمَا ٱللَّهُ	بِٱلۡحَقِّۗ	عَلَيۡكَ	نَتۡلُوهَا	ءَايَٰتُ ٱللَّهِ	تِلۡكَ
اور نہیں ہے اللہ	حق کے ساتھ	آپ پر	ہم پڑھتے ہیں ان کو	اللہ کی آیات ہیں	یہ
یہ اللہ کی آیات ہیں ان کو ہم آپ پر حق کے ساتھ پڑھتے ہیں					

يُرِيدُ ظُلۡمٗا لِّلۡعَٰلَمِينَ١٠٨ وَلِلَّهِ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ

فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ	مَا	وَلِلَّهِ	لِّلۡعَٰلَمِينَ١٠٨	ظُلۡمٗا	يُرِيدُ
آسمانوں میں ہے	جو کچھ	اور اللہ کے لیے ہے	جہان والوں پر	ظلم کرنے کا	ارادہ کرتا
اور اللہ کا ارادہ جہان والوں پر ظلم کرنے کا نہیں- اور اللہ کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں اور زمین میں ہے					

وَمَا فِي ٱلۡأَرۡضِۚ وَإِلَى ٱللَّهِ تُرۡجَعُ ٱلۡأُمُورُ١٠٩ كُنتُمۡ

كُنتُمۡ	ٱلۡأُمُورُ١٠٩	تُرۡجَعُ	وَإِلَى ٱللَّهِ	فِي ٱلۡأَرۡضِۚ	وَمَا
تم ہو	تمام معاملات	لوٹائے جاتے ہیں	اور اللہ ہی کی طرف	زمین میں ہے	اور جو کچھ
اور اللہ ہی کی طرف تمام معاملات لوٹائے جاتے ہیں					

خَيۡرَ أُمَّةٍ أُخۡرِجَتۡ لِلنَّاسِ تَأۡمُرُونَ بِٱلۡمَعۡرُوفِ

خَيۡرَ	أُمَّةٍ	أُخۡرِجَتۡ	لِلنَّاسِ	تَأۡمُرُونَ	بِٱلۡمَعۡرُوفِ
بہترین	اُمت	جو نکالی (بنائی) گئی ہے	لوگوں کے لیے	تم حکم کرتے ہو	اچھے کاموں کا

تم بہترین اُمت ہو جو لوگوں کے لیے پیدا کی گئی ہے کہ تم اچھائی کا حکم کرتے ہو

وَتَنۡهَوۡنَ عَنِ ٱلۡمُنكَرِ وَتُؤۡمِنُونَ بِٱللَّهِۗ وَلَوۡ ءَامَنَ

وَتَنۡهَوۡنَ	عَنِ ٱلۡمُنكَرِ	وَتُؤۡمِنُونَ	بِٱللَّهِۗ	وَلَوۡ	ءَامَنَ
اور تم روکتے ہو	برائی سے	اور تم ایمان رکھتے ہو	اللہ پر	اور اگر	ایمان لاتے

اور برائی سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔ اور اگر اہل کتاب ایمان لاتے

أَهۡلُ ٱلۡكِتَٰبِ لَكَانَ خَيۡرًا لَّهُمۚ مِّنۡهُمُ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ

أَهۡلُ ٱلۡكِتَٰبِ	لَكَانَ	خَيۡرًا	لَّهُمۚ	مِّنۡهُمُ	ٱلۡمُؤۡمِنُونَ
اہل کتاب	تو ہوتا	بہتر	اُن کے لیے	اُن میں سے بعض	ایمان لانے والے ہیں

تو اُن کے لیے بہتر ہوتا۔ اُن میں سے بعض ایمان لانے والے ہیں

وَأَكۡثَرُهُمُ ٱلۡفَٰسِقُونَ ١١٠ لَن يَضُرُّوكُمۡ إِلَّآ أَذٗىۖ وَإِن

وَأَكۡثَرُهُمُ	ٱلۡفَٰسِقُونَ ١١٠	لَن يَضُرُّوكُمۡ	إِلَّآ	أَذٗىۖ	وَإِن
اور اکثر اُن کے	فاسق ہیں	وہ ہرگز تمھیں نقصان نہیں پہنچا سکیں گے	مگر	تھوڑی سی ایذا	اور اگر

اور اکثر اُن کے فاسق ہیں وہ ہرگز تمھیں نقصان نہیں پہنچا سکیں گے مگر تھوڑی سی ایذا،

يُقَٰتِلُوكُمۡ يُوَلُّوكُمُ ٱلۡأَدۡبَارَ ثُمَّ لَا يُنصَرُونَ ١١١

يُنصَرُونَ ١١١	لَا	ثُمَّ	ٱلۡأَدۡبَارَ	يُوَلُّوكُمُ	يُقَٰتِلُوكُمۡ
وہ مدد کیے جائے گے	نہیں	پھر	(اپنی) پیٹھیں	تو پھیر جائیں گے تم سے	وہ تم سے لڑیں

اگر لڑائی کا موقع آجائے تو پیٹھ موڑلیں گے پھر وہ مدد نہیں کیے جائے گے

ضُرِبَتۡ عَلَيۡهِمُ ٱلذِّلَّةُ أَيۡنَ مَا ثُقِفُوٓاْ إِلَّا

إِلَّا	ثُقِفُوٓاْ	أَيۡنَ مَا	ٱلذِّلَّةُ	عَلَيۡهِمُ	ضُرِبَتۡ
مگر	وہ پائے جائیں	جہاں کہیں بھی	ذلت	اُن پر	مسلط کر دی گئی

وہ جہاں کہیں بھی ہوں اُن پر ذلت مسلط کر دی گئی

بِحَبۡلٍ مِّنَ ٱللَّهِ وَحَبۡلٍ مِّنَ ٱلنَّاسِ وَبَآءُو بِغَضَبٍ مِّنَ ٱللَّهِ وَضُرِبَتۡ

وَضُرِبَتۡ	بِغَضَبٍ مِّنَ ٱللَّهِ	وَبَآءُو	وَحَبۡلٍ مِّنَ ٱلنَّاسِ	بِحَبۡلٍ مِّنَ ٱللَّهِ
اور مسلط کر دی گئی	اللہ کے غضب کے ساتھ	اور وہ لوٹے	اور لوگوں کی پناہ (کے ساتھ)	اللہ کی پناہ کے ساتھ

مگر یہ کہ اللہ کی یا لوگوں کی پناہ میں ہوں اور وہ اللہ کے غضب کے ساتھ لوٹے

عَلَيۡهِمُ ٱلۡمَسۡكَنَةُۚ ذَٰلِكَ بِأَنَّهُمۡ كَانُواْ يَكۡفُرُونَ

يَكۡفُرُونَ	كَانُواْ	بِأَنَّهُمۡ	ذَٰلِكَ	ٱلۡمَسۡكَنَةُۚ	عَلَيۡهِمُ
کفر کرتے	تھے	اس وجہ سے کہ بیشک وہ	یہ	محتاجی	اُن پر

اور اُن پر محتاجی مسلط کر دی گئی یہ اس وجہ سے کہ بیشک وہ اللہ کی آیات کے ساتھ کفر کرتے تھے

بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ وَيَقۡتُلُونَ ٱلۡأَنۢبِيَآءَ بِغَيۡرِ حَقّٖۚ ذَٰلِكَ بِمَا

بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ	وَيَقۡتُلُونَ	ٱلۡأَنۢبِيَآءَ	بِغَيۡرِ حَقّٖۚ	ذَٰلِكَ	بِمَا
اللہ کی آیات کے ساتھ	اور قتل کرتے تھے	انبیاء کو	ناحق	یہ	اس وجہ سے کہ
اور انبیاء کو ناحق قتل کرتے تھے یہ بدلہ ہے اُن کی نافرمانیوں اور زیادتیوں کا-					

عَصَواْ وَّكَانُواْ يَعۡتَدُونَ ١١٢ لَيۡسُواْ سَوَآءٗۗ مِّنۡ أَهۡلِ ٱلۡكِتَٰبِ

عَصَواْ	وَّكَانُواْ	يَعۡتَدُونَ ١١٢	لَيۡسُواْ	سَوَآءٗۗ	مِّنۡ أَهۡلِ ٱلۡكِتَٰبِ
انھوں نے نافرمانی کی	اور وہ تھے	زیادتی کرتے	نہیں ہیں وہ (سب)	برابر	اہل کتاب میں سے
وہ سب کے سب برابر نہیں ہیں بلکہ ان اہل کتاب میں سے					

أُمَّةٞ قَآئِمَةٞ يَتۡلُونَ ءَايَٰتِ ٱللَّهِ ءَانَآءَ ٱلَّيۡلِ وَهُمۡ

أُمَّةٞ	قَآئِمَةٞ	يَتۡلُونَ	ءَايَٰتِ ٱللَّهِ	ءَانَآءَ ٱلَّيۡلِ	وَهُمۡ
ایک جماعت	(حق پر) قائم ہے	وہ تلاوت کرتے ہیں	اللہ کی آیات کی	رات کی گھڑیوں میں	اور وہ
ایک جماعت حق پر قائم ہے وہ اللہ کی آیات کی رات کی گھڑیوں میں تلاوت کرتے					

يَسۡجُدُونَ ١١٣ يُؤۡمِنُونَ بِٱللَّهِ وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِ وَيَأۡمُرُونَ بِٱلۡمَعۡرُوفِ

يَسۡجُدُونَ ١١٣	يُؤۡمِنُونَ	بِٱللَّهِ	وَٱلۡيَوۡمِ ٱلۡأٓخِرِ	وَيَأۡمُرُونَ	بِٱلۡمَعۡرُوفِ
سجدے کرتے ہیں	وہ ایمان لاتے ہیں	اللہ پر	اور آخرت کے دن پر	اور وہ حکم کرتے ہیں	اچھے کاموں کا
سجدے کرتے اور اللہ اور آخرت کے دن پر ایمان لاتے ہیں اور اچھے کاموں کا حکم کرتے					

وَيَنۡهَوۡنَ عَنِ ٱلۡمُنكَرِ وَيُسَٰرِعُونَ فِي ٱلۡخَيۡرَٰتِۖ وَأُوْلَٰٓئِكَ

وَيَنۡهَوۡنَ	عَنِ ٱلۡمُنكَرِ	وَيُسَٰرِعُونَ	فِي ٱلۡخَيۡرَٰتِۖ	وَأُوْلَٰٓئِكَ
اور وہ روکتے ہیں	برے کاموں سے	اور وہ ایکدوسرے سے جلدی کرتے ہیں	بھلائیوں میں	اور یہ لوگ
اور برے کاموں سے روکتے ہیں اور وہ ایکدوسرے سے بھلائیوں میں جلدی کرتے ہیں اور یہ لوگ				

مِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ ١١٤ وَمَا يَفۡعَلُواْ مِنۡ خَيۡرٖ فَلَن يُكۡفَرُوهُۗ

مِنَ ٱلصَّٰلِحِينَ ١١٤	وَمَا	يَفۡعَلُواْ	مِنۡ خَيۡرٖ	فَلَن يُكۡفَرُوهُۗ
صالحین میں سے ہیں	اور جو کچھ بھی	وہ کریں گے	نیکی میں سے	تو ہرگز ناقدری نہیں کی جائے گی ان کی اس میں
صالحین میں سے ہیں اور وہ کوئی بھی نیکی کریں تو ان کی ہرگز ناقدری نہیں کی جائے گی				

وَٱللَّهُ عَلِيمُۢ بِٱلۡمُتَّقِينَ ١١٥ إِنَّ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ

وَٱللَّهُ	عَلِيمُۢ	بِٱلۡمُتَّقِينَ ١١٥	إِنَّ	ٱلَّذِينَ	كَفَرُواْ
اور اللہ	جاننے والا ہے	متقین کو	بیشک	وہ لوگ جنھوں نے	کفر کیا
اور اللہ متقین کو جاننے والا ہے کافروں کو اُن کے مال					

لَن تُغۡنِيَ عَنۡهُمۡ أَمۡوَٰلُهُمۡ وَلَآ أَوۡلَٰدُهُم مِّنَ ٱللَّهِ شَيۡـٔٗاۖ

لَن تُغۡنِيَ	عَنۡهُمۡ	أَمۡوَٰلُهُمۡ	وَلَآ أَوۡلَٰدُهُم	مِّنَ ٱللَّهِ	شَيۡـٔٗاۖ
ہرگز کام نہیں آئیں گے	اُن کے	اُن کے مال	اور نہ انکی اولاد	اللہ (کے عذاب) سے	کچھ بھی
اور اُن کی اولاد اللہ کے ہاں ہرگز کام نہیں آئیں گے یعنی عذاب سے نہ بچ سکیں گے					

وَأُوْلَٰٓئِكَ أَصۡحَٰبُ ٱلنَّارِۖ هُمۡ فِيهَا خَٰلِدُونَ﴿١١٦﴾ مَثَلُ

مَثَلُ	خَٰلِدُونَ﴿١١٦﴾	فِيهَا	هُمۡ	أَصۡحَٰبُ ٱلنَّارِۖ	وَأُوْلَٰٓئِكَ
مثال	ہمیشہ رہیں گے	اُس میں	وہ	آگ والے ہیں	اور یہ لوگ
یہ تو جہنمی ہیں وہ اُس میں ہمیشہ رہیں گے					

مَا يُنفِقُونَ فِي هَٰذِهِ ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَا كَمَثَلِ رِيحٍ فِيهَا صِرٌّ

صِرٌّ	فِيهَا	رِيحٍ	كَمَثَلِ	فِي هَٰذِهِ ٱلۡحَيَوٰةِ ٱلدُّنۡيَا	مَا يُنفِقُونَ
سخت سردی ہو	اس میں	سخت ہوا کے	مانند اس	اس دنیا کی زندگی میں	اس کی جو وہ خرچ کرتے ہیں
مثال اس کی جو وہ اس دنیا کی زندگی میں خرچ کرتے ہیں اس سخت ہوا کی مانند جس میں سخت سردی ہو					

أَصَابَتۡ حَرۡثَ قَوۡمٍ ظَلَمُوٓاْ أَنفُسَهُمۡ فَأَهۡلَكَتۡهُۚ وَمَا

وَمَا	فَأَهۡلَكَتۡهُۚ	أَنفُسَهُمۡ	ظَلَمُوٓاْ	حَرۡثَ قَوۡمٍ	أَصَابَتۡ
اور نہیں	تو اس نے اس کو تہس نہس کر دیا	اپنے نفسوں پر	جنھوں نے ظلم کیا	ایک ایسی قوم کی کھیتی کو	وہ پہنچی
اور وہ سخت سردی ایک ایسی قوم کی کھیتی کو پہنچی جنھوں نے اپنے نفسوں پر ظلم کیا تو اس نے اس کو تہس نہس کر دیا					

ظَلَمَهُمُ ٱللَّهُ وَلَٰكِنۡ أَنفُسَهُمۡ يَظۡلِمُونَ﴿١١٧﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ

يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ	يَظۡلِمُونَ﴿١١٧﴾	أَنفُسَهُمۡ	وَلَٰكِنۡ	ٱللَّهُ	ظَلَمَهُمُ
اے وہ لوگوں	وہ ظلم کرتے تھے	اپنے نفسوں ہی پر	اور لیکن	اللہ نے	ظلم کیا اُن پر
اور اللہ نے اُن پر ظلم نہیں کیا بلکہ وہ خود اپنی جانوں پر ظلم کرتے تھے					

ءَامَنُواْ لَا تَتَّخِذُواْ بِطَانَةً مِّن دُونِكُمۡ لَا يَأۡلُونَكُمۡ

لَا يَأۡلُونَكُمۡ	مِّن دُونِكُمۡ	بِطَانَةً	لَا تَتَّخِذُواْ	ءَامَنُواْ
نہیں وہ (کافر) کمی کرتے تمھیں	سوائے اپنے (مومن لوگوں کے)	دلی دوست	نہ تم بناؤ	جو ایمان لائے ہو

اے ایمان والوں تم اپنا دلی دوست ایمان والوں کے سوا کسی اور کو نہ بناؤ

خَبَالٗا وَدُّواْ مَا عَنِتُّمۡ قَدۡ بَدَتِ ٱلۡبَغۡضَآءُ

ٱلۡبَغۡضَآءُ	بَدَتِ	قَدۡ	مَا عَنِتُّمۡ	وَدُّواْ	خَبَالٗا
بغض	ظاہر ہو چکا ہے	یقیناً	تمھارا تکلیف میں پڑنا	وہ چاہتے ہیں	برباد کرنے میں

وہ کافر تمھیں برباد کرنے میں کمی نہیں کرتے- وہ چاہتے ہیں کہ تم تکلیف میں پڑو- یقیناً ان کا بغض

مِنۡ أَفۡوَٰهِهِمۡ وَمَا تُخۡفِي صُدُورُهُمۡ أَكۡبَرُۚ قَدۡ

قَدۡ	أَكۡبَرُۚ	صُدُورُهُمۡ	تُخۡفِي	وَمَا	مِنۡ أَفۡوَٰهِهِمۡ
یقیناً	(وہ) بہت بڑا ہے	ان کے سینے	چھپاتے ہیں	اور جو	ان کے مونہوں سے

ان کے مونہوں سے ظاہر ہو چکا ہے اور جو وہ اپنے سینوں میں چھپاتے ہیں وہ بہت بڑا ہے-

بَيَّنَّا لَكُمُ ٱلۡأٓيَٰتِۖ إِن كُنتُمۡ تَعۡقِلُونَ ۝١١٨

تَعۡقِلُونَ ۝١١٨	كُنتُمۡ	إِن	ٱلۡأٓيَٰتِۖ	لَكُمُ	بَيَّنَّا
عقل رکھتے	تم ہو	اگر	نشانیاں	تمھارے لیے	ہم نے کھول کر بیان کر دیں

یقیناً ہم نے تمھارے لیے نشانیاں کھول کر بیان کر دیں اگر تم عقلمند ہو

هَٰٓأَنتُمۡ أُوْلَآءِ تُحِبُّونَهُمۡ وَلَا يُحِبُّونَكُمۡ وَتُؤۡمِنُونَ بِٱلۡكِتَٰبِ كُلِّهِۦ

هَٰٓأَنتُمۡ أُوْلَآءِ	تُحِبُّونَهُمۡ	وَلَا يُحِبُّونَكُمۡ	وَتُؤۡمِنُونَ	بِٱلۡكِتَٰبِ كُلِّهِۦ
سنو تم ہی وہ لوگ ہو کہ	ان سے محبت کرتے ہو	اور وہ تم سے محبت نہیں کرتے	اور تم ایمان لاتے ہو	سب کتابوں پر

سنو تم ہی وہ لوگ ہو کہ ان سے محبت کرتے ہو اور وہ تم سے محبت نہیں کرتے اور تم سب کتابوں پر ایمان لاتے ہو

وَإِذَا لَقُوكُمۡ قَالُوٓاْ ءَامَنَّا وَإِذَا خَلَوۡاْ

وَإِذَا	لَقُوكُمۡ	قَالُوٓاْ	ءَامَنَّا	وَإِذَا	خَلَوۡاْ
اور جب	وہ (ایمان والوں سے) ملتے ہیں	تو کہتے ہیں	ہم ایمان لائے	اور جب وہ	اکیلے ہوتے ہیں

(جبکہ وہ نہیں لاتے) اور جب وہ ایمان والوں سے ملتے ہیں تو کہتے ہیں ہم ایمان لائے اور جب وہ اکیلے ہوتے ہیں

عَضُّواْ عَلَيۡكُمُ ٱلۡأَنَامِلَ مِنَ ٱلۡغَيۡظِۚ قُلۡ مُوتُواْ

عَضُّواْ	عَلَيۡكُمُ	ٱلۡأَنَامِلَ	مِنَ ٱلۡغَيۡظِۚ	قُلۡ	مُوتُواْ
تو کاٹتے ہیں	تم پر	اپنی انگلیاں	غصے سے	کہہ دیجیے	تم مر جاؤ

تو غصے سے تم پر اپنی انگلیاں کاٹتے ہیں کہہ دیجیے تم اپنے غصے کے ساتھ مر جاؤ

بِغَيۡظِكُمۡۗ إِنَّ ٱللَّهَ عَلِيمُۢ بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ ١١٩ إِن

بِغَيۡظِكُمۡۗ	إِنَّ	ٱللَّهَ	عَلِيمُۢ	بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ ١١٩	إِن
اپنے غصے کے ساتھ	بیشک	اللہ	جاننے والا ہے	سینوں کے رازوں کو	اگر

بیشک اللہ سینوں کے رازوں کو جاننے والا ہے

تَمۡسَسۡكُمۡ حَسَنَةٌ تَسُؤۡهُمۡ وَإِن تُصِبۡكُمۡ سَيِّئَةٌ يَفۡرَحُواْ

يَفۡرَحُواْ	سَيِّئَةٌ	وَإِن تُصِبۡكُمۡ	تَسُؤۡهُمۡ	حَسَنَةٌ	تَمۡسَسۡكُمۡ
تو وہ خوش ہوتے ہیں	کوئی برائی	اور اگر تمھیں پہنچتی ہے	تو ان کو بری لگتی ہے	کوئی بھلائی	پہنچتی ہے تمھیں

اگر تمھیں کوئی بھلائی پہنچتی ہے تو ان کو بری لگتی ہے اور اگر تمھیں کوئی برائی پہنچتی ہے تو وہ خوش ہوتے ہیں

بِهَاۖ وَإِن تَصۡبِرُواْ وَتَتَّقُواْ لَا يَضُرُّكُمۡ كَيۡدُهُمۡ

كَيۡدُهُمۡ	لَا يَضُرُّكُمۡ	وَتَتَّقُواْ	تَصۡبِرُواْ	وَإِن	بِهَاۖ
ان کی چالیں	تو نہیں نقصان دیں گی تمھیں	اور تقوی اختیار کرو	تم صبر کرو	اور اگر	اس کے ساتھ

اور اگر تم صبر اور تقوی اختیار کرو تو تمھیں ان کی چالیں کچھ بھی نقصان نہیں دیں گی

شَيۡـًٔاۗ إِنَّ ٱللَّهَ بِمَا يَعۡمَلُونَ مُحِيطٌ ﴿١٢٠﴾

مُحِيطٌ ﴿١٢٠﴾	يَعۡمَلُونَ	بِمَا	ٱللَّهَ	إِنَّ	شَيۡـًٔاۗ
گھیرنے والا ہے	وہ کرتے ہیں	اس کو جو	اللہ	بیشک	کچھ بھی

بیشک اللہ ان کے اعمال کو گھیرنے والا ہے

وَإِذۡ غَدَوۡتَ مِنۡ أَهۡلِكَ تُبَوِّئُ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ مَقَٰعِدَ

مَقَٰعِدَ	ٱلۡمُؤۡمِنِينَ	تُبَوِّئُ	مِنۡ أَهۡلِكَ	غَدَوۡتَ	وَإِذۡ
مورچوں پر	مومنوں کو	آپؐ بٹھاتے تھے	اپنے گھر والوں (کے پاس) سے	آپؐ صبح سویرے نکلے	اور جب

اور جب آپؐ ﷺ صبح سویرے اپنے گھر والوں کے پاس سے نکلے آپؐ ﷺ مومنوں کو مورچوں پر

لِلۡقِتَالِ‌ؕ وَٱللَّهُ سَمِيعٌ عَلِيمٌ﴿١٢١﴾ إِذۡ هَمَّت

لِلۡقِتَالِ‌ؕ	وَٱللَّهُ	سَمِيعٌ	عَلِيمٌ﴿١٢١﴾	إِذۡ	هَمَّت
لڑائی کے لیے	اور اللہ	سننے والا	جاننے والا ہے	جب	ارادہ کیا

لڑائی کے لیے بٹھاتے تھے جبکہ اللہ سب کچھ سننے والا جاننے والا ہے جب تم میں سے دو جماعتوں نے بزدلی کا ارادہ کیا

طَّآئِفَتَانِ مِنكُمۡ أَن تَفۡشَلَا وَٱللَّهُ وَلِيُّهُمَا‌ؕ وَعَلَى ٱللَّهِ

طَّآئِفَتَانِ	مِنكُمۡ	أَن تَفۡشَلَا	وَٱللَّهُ	وَلِيُّهُمَا‌ؕ	وَعَلَى ٱللَّهِ
دو جماعتوں نے	تم میں سے	کہ وہ بزدلی کریں	حالانکہ اللہ	ان دونوں کا دوست تھا	اور اللہ ہی پر

حالانکہ اللہ ان دونوں کا دوست اور مددگار تھا اور اللہ ہی پر

فَلۡيَتَوَكَّلِ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ﴿١٢٢﴾ وَلَقَدۡ نَصَرَكُمُ ٱللَّهُ بِبَدۡرٍ وَأَنتُمۡ

فَلۡيَتَوَكَّلِ	ٱلۡمُؤۡمِنُونَ﴿١٢٢﴾	وَلَقَدۡ	نَصَرَكُمُ ٱللَّهُ	بِبَدۡرٍ	وَأَنتُمۡ
توکل کرنا چاہیے	مومنوں کو	اور یقیناً یقیناً	تمھاری مدد کی اللہ نے	بدر میں	جبکہ تم

مومنوں کو توکل کرنا چاہیے اور یقیناً یقیناً اللہ نے بدر میں تمھاری مدد کی جبکہ تم کمزور تھے

أَذِلَّةٌ‌ۖ فَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ لَعَلَّكُمۡ تَشۡكُرُونَ﴿١٢٣﴾ إِذۡ تَقُولُ

أَذِلَّةٌ‌ۖ	فَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ	لَعَلَّكُمۡ	تَشۡكُرُونَ﴿١٢٣﴾	إِذۡ	تَقُولُ
کمزور تھے	پھر تم اللہ سے ڈرو	تاکہ تم	شکر کرو	جب	آپؐ کہہ رہے تھے

تو اللہ کا تقوی اختیار کرو تاکہ تم اللہ کا (صحیح معنوں میں) شکر ادا کر سکو- جب آپ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّم کہہ رہے تھے

لِلۡمُؤۡمِنِينَ أَلَن يَكۡفِيَكُمۡ أَن يُمِدَّكُمۡ رَبُّكُم بِثَلَٰثَةِ ءَالَٰفٖ

بِثَلَٰثَةِ ءَالَٰفٖ	رَبُّكُم	أَن يُمِدَّكُمۡ	أَلَن يَكۡفِيَكُمۡ	لِلۡمُؤۡمِنِينَ
ساتھ تین ہزار	تمھارارب	یہ (بات) کہ تمھاری مدد کرے	کیاہر گزنہ کفایت کرے گی تمھیں	مومنوں سے

مومنوں سے! کیاہر گزنہ کفایت کرے گی تمھیں یہ (بات) کہ تمھارارب تمھاری مدد کرے

مِّنَ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةِ مُنزَلِينَ ١٢٤ بَلَىٰٓۚ إِن تَصۡبِرُواْ وَتَتَّقُواْ

وَتَتَّقُواْ	تَصۡبِرُواْ	إِن	بَلَىٰٓۚ	مُنزَلِينَ ١٢٤	مِّنَ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةِ
اور تقوی اختیار کرو	تم صبر کرو	اگر	کیوں نہیں	(جو) اتارے گئے ہیں (آسمان سے)	فرشتوں سے

تین ہزار فرشتوں کے ساتھ جو آسمان سے اتارے گئے ہیں- کیوں نہیں اگر تم صبر کرو اور تقوی اختیار کرو

وَيَأۡتُوكُم مِّن فَوۡرِهِمۡ هَٰذَا يُمۡدِدۡكُمۡ رَبُّكُم

رَبُّكُم	يُمۡدِدۡكُمۡ	مِّن فَوۡرِهِمۡ هَٰذَا	وَيَأۡتُوكُم
تمھارارب	تو تمھاری مدد کرے گا	اگروہ فوری طور پر تم پر حملہ آور ہو جائیں	اور وہ (دشمن) آجائے تمھارے پاس

اور اگر دشمن فوری طور پر تم پر حملہ آور ہو جائیں تو تمھارارب تمھاری مدد پانچ ہزار فرشتوں کے ساتھ کرے گا

بِخَمۡسَةِ ءَالَٰفٖ مِّنَ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةِ مُسَوِّمِينَ ١٢٥ وَمَا جَعَلَهُ ٱللَّهُ

ٱللَّهُ	جَعَلَهُ	وَمَا	مُسَوِّمِينَ ١٢٥	مِّنَ ٱلۡمَلَٰٓئِكَةِ	بِخَمۡسَةِ ءَالَٰفٖ
اللہ نے	بنایا اس (مدد) کو	اور نہیں	جو خاص نشان والے ہونگے	فرشتوں کے	ساتھ پانچ ہزار

جو خاص نشان والے ہونگے

إِلَّا بُشۡرَىٰ لَكُمۡ وَلِتَطۡمَئِنَّ قُلُوبُكُم بِهِۦۗ

إِلَّا	بُشۡرَىٰ	لَكُمۡ	وَلِتَطۡمَئِنَّ	قُلُوبُكُم	بِهِۦۗ
مگر	خوش خبری	تمھارے لیے	اور تاکہ مطمئن ہو جائیں	تمھارے دل	اس سے

اور یہ تو محض تمھارے دل کی خوشی اور اطمینان قلب کے لیے ہے

وَمَا ٱلنَّصۡرُ إِلَّا مِنۡ عِندِ ٱللَّهِ ٱلۡعَزِيزِ ٱلۡحَكِيمِ ۝١٢٦ لِيَقۡطَعَ

وَمَا ٱلنَّصۡرُ	إِلَّا	مِنۡ عِندِ ٱللَّهِ	ٱلۡعَزِيزِ	ٱلۡحَكِيمِ ۝١٢٦	لِيَقۡطَعَ
اور نہیں ہے مدد	مگر	اللہ ہی کی طرف سے	جو غالب	حکمت والا ہے	تاکہ وہ کاٹ (ہلاک کر) دے

ورنہ مدد تو ہی اللہ کی طرف سے ہے جو غالب حکمت والا ہے

طَرَفًا مِّنَ ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓاْ أَوۡ يَكۡبِتَهُمۡ فَيَنقَلِبُواْ خَآئِبِينَ ۝١٢٧

طَرَفًا	مِّنَ ٱلَّذِينَ	كَفَرُوٓاْ	أَوۡ يَكۡبِتَهُمۡ	فَيَنقَلِبُواْ	خَآئِبِينَ ۝١٢٧
ایک گروہ کو	ان لوگوں میں سے جنھوں نے	کفر کیا	یا انھیں ذلیل کرے	تو وہ لوٹ جائیں	نامراد ہو کر

تاکہ وہ کافروں کے ایک گروہ کو ہلاک کرے یا انھیں ذلیل کرے اور وہ (سارے کے سارے) نامراد ہو کر لوٹ جائیں

لَيۡسَ لَكَ مِنَ ٱلۡأَمۡرِ شَيۡءٌ أَوۡ يَتُوبَ عَلَيۡهِمۡ أَوۡ يُعَذِّبَهُمۡ

لَيۡسَ	لَكَ	مِنَ ٱلۡأَمۡرِ	شَيۡءٌ	أَوۡ يَتُوبَ عَلَيۡهِمۡ	أَوۡ يُعَذِّبَهُمۡ
نہیں ہے	آپؐ کے لیے	اس معاملے میں	کچھ (اختیار)	(اللہ) ان کی توبہ قبول کرے	یا انھیں عذاب دے

آپؐ ﷺ کے لیے اس معاملے میں کچھ اختیار نہیں ہے کہ اللہ ان کی توبہ قبول کرے یا انھیں عذاب دے

فَإِنَّهُمۡ ظَٰلِمُونَ ١٢٨ وَلِلَّهِ مَا فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَمَا

فَإِنَّهُمۡ	ظَٰلِمُونَ ١٢٨	وَلِلَّهِ	مَا	فِي ٱلسَّمَٰوَٰتِ	وَمَا
تو بیشک وہ	ظالم ہیں	اور اللہ ہی کے لیے ہے	جو کچھ	آسمانوں میں	اور جو کچھ
تو بیشک وہ ظالم ہیں- اور اللہ ہی کے لیے ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے					

فِي ٱلۡأَرۡضِۚ يَغۡفِرُ لِمَن يَشَآءُ وَيُعَذِّبُ مَن يَشَآءُۚ

فِي ٱلۡأَرۡضِۚ	يَغۡفِرُ	لِمَن	يَشَآءُ	وَيُعَذِّبُ	مَن يَشَآءُۚ
زمین میں ہے	وہ معاف کرتا ہے	جسے	وہ چاہتا ہے	اور عذاب دیتا ہے	جسے وہ چاہتا ہے
وہ جسے چاہتا ہے معاف کرتا ہے اور جسے چاہے عذاب دیتا ہے					

وَٱللَّهُ غَفُورٞ رَّحِيمٞ ١٢٩ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَأۡكُلُواْ

وَٱللَّهُ	غَفُورٞ	رَّحِيمٞ ١٢٩	يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ	ءَامَنُواْ	لَا تَأۡكُلُواْ
اور اللہ	غفور	رحیم ہے	اے وہ لوگوں	جو ایمان لائے ہو	نہ تم کھاؤ
اور اللہ غفور رحیم ہے-اے ایمان والوں تم سود کو					

ٱلرِّبَوٰٓاْ أَضۡعَٰفٗا مُّضَٰعَفَةٗۖ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُونَ ١٣٠

ٱلرِّبَوٰٓاْ	أَضۡعَٰفٗا	مُّضَٰعَفَةٗۖ	وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ	لَعَلَّكُمۡ	تُفۡلِحُونَ ١٣٠
سود	کئی گنا	بڑھا چڑھا کر	اور اللہ سے ڈرو	تاکہ تم	فلاح پاؤ
کئی گنا بڑھا چڑھا کر مت کھاؤ اور اللہ سے ڈرو تاکہ تم فلاح پاؤ					

وَٱتَّقُواْ ٱلنَّارَ ٱلَّتِيٓ أُعِدَّتۡ لِلۡكَٰفِرِينَ ١٣١ وَأَطِيعُواْ

وَٱتَّقُواْ	ٱلنَّارَ	ٱلَّتِيٓ	أُعِدَّتۡ	لِلۡكَٰفِرِينَ ١٣١	وَأَطِيعُواْ
اور تم ڈرو	اس آگ سے	وہ جو	تیار کی گئی ہے	کافروں کے لیے	اور تم اطاعت کرو

اور تم ڈرو اس آگ سے وہ جو کافروں کے لیے تیار کی گئی ہے

ٱللَّهَ وَٱلرَّسُولَ لَعَلَّكُمۡ تُرۡحَمُونَ ١٣٢ وَسَارِعُوٓاْ إِلَىٰ مَغۡفِرَةٖ

ٱللَّهَ	وَٱلرَّسُولَ	لَعَلَّكُمۡ	تُرۡحَمُونَ ١٣٢	وَسَارِعُوٓاْ	إِلَىٰ مَغۡفِرَةٖ
اللہ	اور رسول کی	تاکہ تم پر	رحم کیا جائے	اور تم جلدی کرو	مغفرت کی طرف

اور تم اللہ اور رسول کی اطاعت کرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔

مِّن رَّبِّكُمۡ وَجَنَّةٍ عَرۡضُهَا ٱلسَّمَٰوَٰتُ وَٱلۡأَرۡضُ أُعِدَّتۡ

مِّن رَّبِّكُمۡ	وَجَنَّةٍ	عَرۡضُهَا	ٱلسَّمَٰوَٰتُ	وَٱلۡأَرۡضُ	أُعِدَّتۡ
اپنے رب کی	اور جنّت کی (طرف)	کہ اس کی چوڑائی ہے	آسمان	اور زمین	وہ تیار کی گئی ہے

اور تم جلدی کرو اپنے رب کی مغفرت کی طرف اور جنّت کی طرف کہ جس کی چوڑائی آسمان اور زمین کے برابر ہے

لِلۡمُتَّقِينَ ١٣٣ ٱلَّذِينَ يُنفِقُونَ فِي ٱلسَّرَّآءِ وَٱلضَّرَّآءِ وَٱلۡكَٰظِمِينَ

لِلۡمُتَّقِينَ ١٣٣	ٱلَّذِينَ	يُنفِقُونَ	فِي ٱلسَّرَّآءِ	وَٱلضَّرَّآءِ	وَٱلۡكَٰظِمِينَ
متقین کے لیے	وہ لوگ جو	خرچ کرتے ہیں	خوشی میں	اور تکلیف میں	اور پی جانے والے ہیں

اور وہ متقین کے لیے تیار کی گئی ہے وہ لوگ جو خوشی میں اور تکلیف میں اللہ کے راستے میں خرچ کرتے ہیں

ٱلۡغَيۡظَ وَٱلۡعَافِينَ عَنِ ٱلنَّاسِۗ وَٱللَّهُ يُحِبُّ ٱلۡمُحۡسِنِينَ﴿١٣٤﴾

ٱلۡغَيۡظَ	وَٱلۡعَافِينَ	عَنِ ٱلنَّاسِۗ	وَٱللَّهُ	يُحِبُّ	ٱلۡمُحۡسِنِينَ﴿١٣٤﴾
غصے کو	اور معاف کر دینے والے ہیں	لوگوں کو	اور اللہ	پسند کرتا ہے	محسنین کو
غصے کو پی جانے والے اور لوگوں کو معاف کر دینے والے ہیں اور اللہ محسنین کو پسند کرتا ہے					

وَٱلَّذِينَ إِذَا فَعَلُواْ فَٰحِشَةً أَوۡ ظَلَمُوٓاْ أَنفُسَهُمۡ ذَكَرُواْ ٱللَّهَ

وَٱلَّذِينَ	إِذَا	فَعَلُواْ	فَٰحِشَةً	أَوۡ ظَلَمُوٓاْ	أَنفُسَهُمۡ
اور وہ لوگ جو کہ	جب	وہ کر بیٹھتے ہیں	کوئی بے حیائی کا کام	یا وہ ظلم کر گزرتے ہیں	اپنے آپ پر
اور وہ لوگ جو کہ جب کوئی بے حیائی کا کام کر بیٹھتے ہیں یا وہ اپنے آپ پر ظلم کر گزرتے ہیں تو انہیں فوراً اللہ یاد آجاتا ہے					

فَٱسۡتَغۡفَرُواْ لِذُنُوبِهِمۡ وَمَن يَغۡفِرُ ٱلذُّنُوبَ إِلَّا ٱللَّهُ

فَٱسۡتَغۡفَرُواْ	لِذُنُوبِهِمۡ	وَمَن	يَغۡفِرُ	ٱلذُّنُوبَ	إِلَّا ٱللَّهُ
پھر وہ بخشش مانگتے ہیں	اپنے گناہوں کی	اور کون	بخشا ہے	گناہوں کو	اللہ کے سوا
پھر وہ اللہ سے اپنے گناہوں کی بخشش مانگتے ہیں اور کون ہے جو اللہ کے سوا گناہوں کو معاف کر سکے					

وَلَمۡ يُصِرُّواْ عَلَىٰ مَا فَعَلُواْ وَهُمۡ يَعۡلَمُونَ﴿١٣٥﴾

وَلَمۡ يُصِرُّواْ	عَلَىٰ	مَا	فَعَلُواْ	وَهُمۡ	يَعۡلَمُونَ﴿١٣٥﴾
اور وہ نہیں اصرار کرتے	اس پر	جو	انھوں نے کیا	جبکہ وہ	جانتے ہیں
اور وہ اپنے اس غلط فعل پر جانتے بوجھتے ہوئے اصرار نہیں کرتے۔					

أُوْلَٰٓئِكَ جَزَآؤُهُم مَّغۡفِرَةٌ مِّن رَّبِّهِمۡ وَجَنَّٰتٌ تَجۡرِي

أُوْلَٰٓئِكَ	جَزَآؤُهُم	مَّغۡفِرَةٌ	مِّن رَّبِّهِمۡ	وَجَنَّٰتٌ	تَجۡرِي
یہ لوگ کہ	ان کا بدلہ	مغفرت ہے	ان کے رب کی طرف سے	اور ایسے باغات ہیں کہ	بہتی ہیں
یہ لوگ کہ ان کا بدلہ ان کے رب کی طرف سے مغفرت ہے اور ایسے باغات ہیں					

مِن تَحۡتِهَا ٱلۡأَنۡهَٰرُ خَٰلِدِينَ فِيهَاۚ وَنِعۡمَ أَجۡرُ

مِن تَحۡتِهَا	ٱلۡأَنۡهَٰرُ	خَٰلِدِينَ	فِيهَاۚ	وَنِعۡمَ	أَجۡرُ
ان کے نیچے سے	نہریں	وہ ہمیشہ رہیں گے	اس میں	اور (یہ) اچھا	اجر ہے
کہ ان کے نیچے سے نہریں بہتی ہیں اس میں وہ ہمیشہ رہیں گے اور یہ عمل کرنے والوں کے لیے اچھا اجر ہے					

ٱلۡعَٰمِلِينَ ﴿١٣٦﴾ قَدۡ خَلَتۡ مِن قَبۡلِكُمۡ سُنَنٌ فَسِيرُواْ

ٱلۡعَٰمِلِينَ ﴿١٣٦﴾	قَدۡ	خَلَتۡ	مِن قَبۡلِكُمۡ	سُنَنٌ	فَسِيرُواْ
عمل کرنے والوں کا	یقیناً	گزر چکے	تم سے پہلے	کئی واقعات	پس تم سیر کرو
یقیناً تم سے پہلے کئی واقعات گزر چکے-پس تم زمین میں گھومو پھرو					

فِي ٱلۡأَرۡضِ فَٱنظُرُواْ كَيۡفَ كَانَ عَٰقِبَةُ ٱلۡمُكَذِّبِينَ ﴿١٣٧﴾

فِي ٱلۡأَرۡضِ	فَٱنظُرُواْ	كَيۡفَ	كَانَ	عَٰقِبَةُ	ٱلۡمُكَذِّبِينَ ﴿١٣٧﴾
زمین میں	پھر دیکھو	کیسا	ہوا	انجام	جھٹلانے والوں کا
پھر دیکھو جھٹلانے والوں کا کیسا انجام ہوا-					

هَٰذَا بَيَانٞ لِّلنَّاسِ وَهُدٗى وَمَوۡعِظَةٞ لِّلۡمُتَّقِينَ ١٣٨

هَٰذَا	بَيَانٞ	لِّلنَّاسِ	وَهُدٗى	وَمَوۡعِظَةٞ	لِّلۡمُتَّقِينَ ١٣٨
یہ	وضاحت ہے	لوگوں کے لیے	اور ہدایت	اور نصیحت ہے	متقیوں کے لیے

عام لوگوں کے لیے تو یہ (قرآن) وضاحت ہے اور متقیوں کے لیے ہدایت اور نصیحت ہے

وَلَا تَهِنُواْ وَلَا تَحۡزَنُواْ وَأَنتُمُ ٱلۡأَعۡلَوۡنَ إِن كُنتُم مُّؤۡمِنِينَ ١٣٩

وَلَا تَهِنُواْ	وَلَا تَحۡزَنُواْ	وَأَنتُمُ	ٱلۡأَعۡلَوۡنَ	إِن كُنتُم	مُّؤۡمِنِينَ ١٣٩
اور نہ تم ہمت ہارو	اور نہ تم غم کھاؤ	اور تم ہی	غالب رہو گے	اگر ہو تم	مومن

اور نہ تم ہمت ہارو اور نہ غم کھاؤ اور تم ہی غالب رہو گے اگر تم مومن ہو

إِن يَمۡسَسۡكُمۡ قَرۡحٞ فَقَدۡ مَسَّ ٱلۡقَوۡمَ

إِن	يَمۡسَسۡكُمۡ	قَرۡحٞ	فَقَدۡ	مَسَّ	ٱلۡقَوۡمَ
اگر	پہنچے تمھیں	کوئی زخم	تو یقیناً	پہنچ چکا ہے	اس (کافر) قوم کو بھی

اگر تمھیں کوئی زخم پہنچے تو یقیناً اس کافر قوم کو بھی اس جیسا زخم پہنچ چکا ہے

قَرۡحٞ مِّثۡلُهُۥۚ وَتِلۡكَ ٱلۡأَيَّامُ نُدَاوِلُهَا بَيۡنَ ٱلنَّاسِ

قَرۡحٞ	مِّثۡلُهُۥۚ	وَتِلۡكَ	ٱلۡأَيَّامُ	نُدَاوِلُهَا	بَيۡنَ ٱلنَّاسِ
زخم	اس جیسا	اور یہ	دن	ہم باری باری بدلتے رہتے ہیں انھیں	لوگوں کے درمیان

اور یہ دن ہم انھیں لوگوں کے درمیان باری باری بدلتے رہتے ہیں

وَلِيَعۡلَمَ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَيَتَّخِذَ مِنكُمۡ

وَلِيَعۡلَمَ	ٱللَّهُ	ٱلَّذِينَ	ءَامَنُواْ	وَيَتَّخِذَ	مِنكُمۡ
اور تاکہ جان لے	اللہ	ان لوگوں کو جو	ایمان لائے	اور (تاکہ) وہ بنائے	تم میں سے کچھ کو

اور تاکہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو جان لے اور بعض کو تم میں سے شہید بنائے

شُهَدَآءَۗ وَٱللَّهُ لَا يُحِبُّ ٱلظَّٰلِمِينَ ١٤٠ وَلِيُمَحِّصَ ٱللَّهُ

شُهَدَآءَۗ	وَٱللَّهُ	لَا يُحِبُّ	ٱلظَّٰلِمِينَ ١٤٠	وَلِيُمَحِّصَ	ٱللَّهُ
شہید	اور اللہ	نہیں پسند کرتا	ظالموں کو	اور تاکہ پاک صاف کر دے	اللہ

اور اللہ ظالموں کو پسند نہیں کرتا۔

ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ وَيَمۡحَقَ ٱلۡكَٰفِرِينَ ١٤١ أَمۡ حَسِبۡتُمۡ

ٱلَّذِينَ	ءَامَنُواْ	وَيَمۡحَقَ	ٱلۡكَٰفِرِينَ ١٤١	أَمۡ	حَسِبۡتُمۡ
ان لوگوں کو جو	ایمان لائے	اور (تاکہ) مٹا دے	کافروں کو	کیا	تم نے گمان کیا ہے

تاکہ اللہ تعالیٰ ایمان والوں کو پاک صاف کر دے اور کافروں کو مٹا دے۔ کیا تم نے یہ گمان کیا ہے

أَن تَدۡخُلُواْ ٱلۡجَنَّةَ وَلَمَّا يَعۡلَمِ ٱللَّهُ ٱلَّذِينَ

أَن	تَدۡخُلُواْ	ٱلۡجَنَّةَ	وَلَمَّا	يَعۡلَمِ ٱللَّهُ	ٱلَّذِينَ
یہ کہ	تم داخل کیے جاؤ گے	جنت میں	حالانکہ ابھی نہیں	جانا اللہ نے	ان لوگوں کو جنھوں نے

کہ جنت میں یونہی داخل کیے جاؤ گے حالانکہ ابھی تو اللہ نے جانا ہی نہیں ان لوگوں کو

جَٰهَدُواْ مِنكُمۡ وَيَعۡلَمَ ٱلصَّٰبِرِينَ ۝١٤٢ وَلَقَدۡ كُنتُمۡ

جَٰهَدُواْ	مِنكُمۡ	وَيَعۡلَمَ	ٱلصَّٰبِرِينَ ۝١٤٢	وَلَقَدۡ	كُنتُمۡ
جہاد کیا	تم میں سے	اور (تاکہ) وہ جان لے	صبر کرنے والوں کو	اور یقیناً	تم تھے

جو صبر کرنے والے اور جہاد کرنے والے ہیں- اور یقیناً تم

تَمَنَّوۡنَ ٱلۡمَوۡتَ مِن قَبۡلِ أَن تَلۡقَوۡهُ فَقَدۡ رَأَيۡتُمُوهُ

تَمَنَّوۡنَ	ٱلۡمَوۡتَ	مِن قَبۡلِ	أَن تَلۡقَوۡهُ	فَقَدۡ	رَأَيۡتُمُوهُ
تمنا کیا کرتے	موت (شہادت) کی	اس سے پہلے	کہ تم اس سے ملو	پھر یقیناً	تم نے اسے دیکھ کیا

جنگ سے پہلے شہادت کی تمنا کیا کرتے تھے سو اب تم نے اسے اپنی آنکھوں سے دیکھ لیا ہے

وَأَنتُمۡ تَنظُرُونَ ۝١٤٣ وَمَا مُحَمَّدٌ إِلَّا رَسُولٌ

وَأَنتُمۡ	تَنظُرُونَ ۝١٤٣	وَمَا	مُحَمَّدٌ	إِلَّا	رَسُولٌ
جبکہ تم	(آنکھوں) سے دیکھ رہے تھے	اور نہیں ہیں	محمد ﷺ	مگر	ایک رسول

اور محمد ﷺ تو صرف رسول ہی ہیں

قَدۡ خَلَتۡ مِن قَبۡلِهِ ٱلرُّسُلُۚ أَفَإِيْن مَّاتَ

قَدۡ	خَلَتۡ	مِن قَبۡلِهِ	ٱلرُّسُلُۚ	أَفَإِيْن	مَّاتَ
یقیناً	گزر چکے ہیں	ان سے پہلے (بھی)	کئی رسول	کیا پھر اگر	وہ مر جائیں

یقیناً آپ ﷺ سے پہلے بھی بہت سے رسول گزر چکے ہیں کیا پھر اگر وہ مر جائیں

أَوۡ قُتِلَ ٱنقَلَبۡتُمۡ عَلَىٰٓ أَعۡقَٰبِكُمۡۚ وَمَن يَنقَلِبۡ عَلَىٰ عَقِبَيۡهِ

أَوۡ قُتِلَ	ٱنقَلَبۡتُمۡ	عَلَىٰٓ أَعۡقَٰبِكُمۡۚ	وَمَن يَنقَلِبۡ	عَلَىٰ عَقِبَيۡهِ
یا قتل کر دیئے جائیں	توتم پھر جاؤ گے	اپنی ایڑیوں پر	اور جو کوئی پھر جائے	اپنی ایڑیوں پر

یا قتل کر دیئے جائیں توتم اپنی ایڑیوں پر پھر جاؤ گے اور جو کوئی اپنی ایڑیوں پر پھر جائے

فَلَن يَضُرَّ ٱللَّهَ شَيۡـٔٗاۗ وَسَيَجۡزِي ٱللَّهُ ٱلشَّٰكِرِينَ ١٤٤

فَلَن	يَضُرَّ	ٱللَّهَ	شَيۡـٔٗاۗ	وَسَيَجۡزِي ٱللَّهُ	ٱلشَّٰكِرِينَ ١٤٤
تو ہر گز نہیں	وہ نقصان پہنچائے گا	اللہ کو	کچھ بھی	عنقریب اللہ جزا دے گا	شکر کرنے والوں کو

تو وہ اللہ کو ہر گز کچھ بھی نقصان نہیں پہنچائے گا عنقریب اللہ شکر کرنے والوں کو جزا دے گا

وَمَا كَانَ لِنَفۡسٍ أَن تَمُوتَ إِلَّا بِإِذۡنِ ٱللَّهِ

وَمَا كَانَ	لِنَفۡسٍ	أَن	تَمُوتَ	إِلَّا	بِإِذۡنِ ٱللَّهِ
اور نہیں ہے	کسی جان کے لیے	یہ کہ	وہ مر جائے	مگر	اللہ کے حکم سے

اور کسی جان کے لیے ممکن ہی نہیں کہ وہ اللہ کے حکم کے بغیر اپنے وقت سے پہلے مر جائے

كِتَٰبٗا مُّؤَجَّلٗاۗ وَمَن يُرِدۡ ثَوَابَ ٱلدُّنۡيَا

كِتَٰبٗا	مُّؤَجَّلٗاۗ	وَمَن	يُرِدۡ	ثَوَابَ	ٱلدُّنۡيَا
لکھا ہوا ہے	مقرر شدہ وقت	اور جو کوئی	چاہتا ہے	بدلہ	دنیا کا

اور جو کوئی دنیا کا بدلہ چاہتا ہے

نُؤۡتِهِۦ مِنۡهَا وَمَن يُرِدۡ ثَوَابَ ٱلۡأٓخِرَةِ

ٱلۡأٓخِرَةِ	ثَوَابَ	يُرِدۡ	وَمَن	مِنۡهَا	نُؤۡتِهِۦ
آخرت کا	بدلہ	چاہتا ہے	اور جو کوئی	اس میں سے	تو ہم اسے دے دیتے ہیں
تو ہم اسے اس میں سے دے دیتے ہیں اور جو کوئی آخرت کا بدلہ چاہتا ہے					

نُؤۡتِهِۦ مِنۡهَاۚ وَسَنَجۡزِي ٱلشَّٰكِرِينَ ١٤٥ وَكَأَيِّن مِّن نَّبِيّٖ

مِّن نَّبِيّٖ	وَكَأَيِّن	ٱلشَّٰكِرِينَ ١٤٥	وَسَنَجۡزِي	مِنۡهَاۚ	نُؤۡتِهِۦ
نبی تھے کہ	اور کتنے ہی	شکر کرنے والوں کو	اور عنقریب ہم جزا دیں گے	اس میں سے	تو ہم اسے دے دیں گے
تو ہم اس میں سے اسے دے دیں گے اور عنقریب ہم شکر کرنے والوں کو جزا دیں گے اور کتنے ہی نبی تھے کہ					

قَٰتَلَ مَعَهُۥ رِبِّيُّونَ كَثِيرٞ فَمَا وَهَنُواْ لِمَآ

لِمَآ	فَمَا وَهَنُواْ	كَثِيرٞ	رِبِّيُّونَ	مَعَهُۥ	قَٰتَلَ
اس وجہ سے جو	پھر نہ وہ سست ہوئے	بہت سے	رب والے	ان کے ساتھ (ملکر)	لڑے
ان کے ساتھ ملکر رب والے اللہ کے راستے میں لڑے۔پھر انھیں جو بھی تکلیفیں اللہ کے راستے میں پہنچیں					

أَصَابَهُمۡ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ وَمَا ضَعُفُواْ وَمَا ٱسۡتَكَانُواْۗ

ٱسۡتَكَانُواْۗ	وَمَا	ضَعُفُواْ	وَمَا	فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ	أَصَابَهُمۡ
دبے	اور نہ وہ	کمزور پڑے	اور نہ وہ	اللہ کے راستے میں	ان کو پہنچا
تو وہ نہ سست ہوئے، اور نہ وہ کمزور پڑے، اور نہ وہ دبے۔					

وَٱللَّهُ يُحِبُّ ٱلصَّٰبِرِينَ ﴿١٤٦﴾ وَمَا كَانَ قَوۡلَهُمۡ

وَٱللَّهُ	يُحِبُّ	ٱلصَّٰبِرِينَ ﴿١٤٦﴾	وَمَا	كَانَ	قَوۡلَهُمۡ
اور اللہ	پسند کرتا ہے	صبر کرنے والوں کو	اور نہیں	تھا	ان کا قول

اور اللہ صبر کرنے والوں کو پسند کرتا ہے-وہ یہی کہتے رہے

إِلَّآ أَن قَالُواْ رَبَّنَا ٱغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوبَنَا

إِلَّآ	أَن	قَالُواْ	رَبَّنَا	ٱغۡفِرۡ لَنَا	ذُنُوبَنَا
مگر	یہی کہ	انھوں نے کہا	اے ہمارے رب	تو بخش دے ہمیں	ہمارے گناہ

کہ اے ہمارے رب ہمارے گناہوں کو بخش دے اور ہم سے جو ہمارے کاموں میں بے جا زیادتی ہوئی ہے

وَإِسۡرَافَنَا فِيٓ أَمۡرِنَا وَثَبِّتۡ أَقۡدَامَنَا وَٱنصُرۡنَا عَلَى ٱلۡقَوۡمِ ٱلۡكَٰفِرِينَ ﴿١٤٧﴾

وَإِسۡرَافَنَا	فِيٓ أَمۡرِنَا	وَثَبِّتۡ	أَقۡدَامَنَا	وَٱنصُرۡنَا	عَلَى ٱلۡقَوۡمِ ٱلۡكَٰفِرِينَ ﴿١٤٧﴾
اور ہماری زیادتی	ہمارے اپنے کام میں	اور ثابت رکھ	ہمارے قدم	اور مدد فرما ہماری	کافر قوم پر

اسے بھی معاف فرما اور ہمیں ثابت قدمی عطا فرما اور کافر قوم پر ہماری مدد فرما-

فَـَٔاتَىٰهُمُ ٱللَّهُ ثَوَابَ ٱلدُّنۡيَا وَحُسۡنَ ثَوَابِ ٱلۡأٓخِرَةِۗ

فَـَٔاتَىٰهُمُ ٱللَّهُ	ثَوَابَ	ٱلدُّنۡيَا	وَحُسۡنَ	ثَوَابِ	ٱلۡأٓخِرَةِۗ
پھر اللہ نے ان کو دیا	ثواب	دنیا کا	اور اچھا	ثواب	آخرت کا

پھر اللہ نے ان کو دنیا کا ثواب بھی دیا اور آخرت کا اچھا ثواب بھی عطا فرمایا

وَٱللَّهُ يُحِبُّ ٱلۡمُحۡسِنِينَ ﴿١٤٨﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُوٓاْ إِن

وَٱللَّهُ	يُحِبُّ	ٱلۡمُحۡسِنِينَ ﴿١٤٨﴾	يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ	ءَامَنُوٓاْ	إِن
اور اللہ	پسند کرتا ہے	محسنین کو	اے وہ لوگوں جو	ایمان لائے ہو	اگر

اور اللہ تعالیٰ محسنین کو پسند کرتا ہے-اے ایمان والوں

تُطِيعُواْ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ يَرُدُّوكُمۡ عَلَىٰٓ أَعۡقَٰبِكُمۡ

تُطِيعُواْ	ٱلَّذِينَ	كَفَرُواْ	يَرُدُّوكُمۡ	عَلَىٰٓ أَعۡقَٰبِكُمۡ
تم اطاعت کروگے	ان لوگوں کی	جنہوں نے کفر کیا	تو وہ تمھیں لوٹادیں گے	تمھاری ایڑیوں پر (شرک کی طرف)

اگر تم کافروں کی باتیں مانوگے تو وہ تمھیں تمھاری ایڑیوں کے بل یعنی شرک کی طرف لوٹادیں گے

فَتَنقَلِبُواْ خَٰسِرِينَ ﴿١٤٩﴾ بَلِ ٱللَّهُ مَوۡلَىٰكُمۡۖ وَهُوَ

فَتَنقَلِبُواْ	خَٰسِرِينَ ﴿١٤٩﴾	بَلِ	ٱللَّهُ	مَوۡلَىٰكُمۡۖ	وَهُوَ
پھر تم پلٹوگے	خسارہ پانے والے	بلکہ	اللہ	تمھارا کارساز ہے	اور وہ

پھر تم خسارہ پانے والے ہو جاؤگے- بلکہ اللہ تمھارا کارساز ہے

خَيۡرُ ٱلنَّٰصِرِينَ ﴿١٥٠﴾ سَنُلۡقِي فِي قُلُوبِ ٱلَّذِينَ كَفَرُواْ

خَيۡرُ ٱلنَّٰصِرِينَ ﴿١٥٠﴾	سَنُلۡقِي	فِي قُلُوبِ ٱلَّذِينَ	كَفَرُواْ
سب مدد کرنے والوں سے بہتر ہے	عنقریب ہم ڈال دیں گے	ان لوگوں کے دلوں میں جنہوں نے	کفر کیا

اور وہ سب مدد کرنے والوں سے بہتر ہے- ہم عنقریب کافروں کے دلوں میں رعب ڈال دیں گے

ٱلرُّعۡبَ بِمَآ أَشۡرَكُواْ بِٱللَّهِ مَا لَمۡ يُنَزِّلۡ بِهِۦ

بِهِۦ	مَا لَمۡ يُنَزِّلۡ	بِٱللَّهِ	أَشۡرَكُواْ	بِمَآ	ٱلرُّعۡبَ
اس کی	ان چیزوں کو کہ نہیں اتاری اس نے	اللہ کے ساتھ	انہوں نے شرک کیا	اس وجہ سے کہ	رعب
اس وجہ سے کہ وہ اللہ کے ساتھ ان چیزوں کو شریک کرتے ہیں جس کی کوئی دلیل اللہ نے نہیں اتاری					

سُلۡطَٰنٗاۖ وَمَأۡوَىٰهُمُ ٱلنَّارُۖ وَبِئۡسَ مَثۡوَى ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿١٥١﴾

ٱلظَّٰلِمِينَ ﴿١٥١﴾	مَثۡوَى	وَبِئۡسَ	ٱلنَّارُۖ	وَمَأۡوَىٰهُمُ	سُلۡطَٰنٗاۖ
ظالمین کا	ٹھکانا	اور برا ہے	آگ ہے	اور ان کا ٹھکانا	کوئی دلیل
اور ان کا ٹھکانا آگ ہے اور ظالمین کا برا ٹھکانا ہے					

وَلَقَدۡ صَدَقَكُمُ ٱللَّهُ وَعۡدَهُۥٓ إِذۡ تَحُسُّونَهُم

تَحُسُّونَهُم	إِذۡ	وَعۡدَهُۥٓ	ٱللَّهُ	صَدَقَكُمُ	وَلَقَدۡ
تم انھیں کاٹ رہے تھے	جب	اپنا وعدہ	اللہ نے	تم سے سچ کر دکھایا	اور یقیناً
اور یقیناً اللہ نے تم سے اپنا (تائید و نصرت کا) وعدہ سچ کر دکھایا					

بِإِذۡنِهِۦۖ حَتَّىٰٓ إِذَا فَشِلۡتُمۡ وَتَنَٰزَعۡتُمۡ فِي ٱلۡأَمۡرِ

فِي ٱلۡأَمۡرِ	وَتَنَٰزَعۡتُمۡ	فَشِلۡتُمۡ	إِذَا	حَتَّىٰٓ	بِإِذۡنِهِۦۖ
حکم (رسول) میں	اور تم نے آپس میں جھگڑا کیا	تم پست ہمت ہو گئے	جب	یہاتک کہ	اس کے حکم سے
جبکہ تم اس کے حکم سے انھیں کاٹ رہے تھے یہاتک کہ جب تم نے پست ہمتی اختیار کی اور حکم (امر) میں جھگڑنے لگے					

وَعَصَيۡتُم مِّنۢ بَعۡدِ مَآ أَرَىٰكُم مَّا تُحِبُّونَۚ مِنكُم

وَعَصَيۡتُم	مِّنۢ بَعۡدِ مَآ	أَرَىٰكُم	مَّا	تُحِبُّونَۚ	مِنكُم
اور تم نے نافرمانی کی	اس کے بعد کہ	اس نے تمھیں دکھایا	وہ جو	تم پسند کرتے تھے	تم میں سے بعض
اور تم نے نافرمانی کی- اس کے بعد کہ اس نے تمھیں تمھاری پسند کی چیزیں دکھادیں					

مَّن يُرِيدُ ٱلدُّنۡيَا وَمِنكُم مَّن يُرِيدُ

مَّن	يُرِيدُ	ٱلدُّنۡيَا	وَمِنكُم	مَّن	يُرِيدُ
وہ ہیں جو	چاہتے ہیں	دنیا	اور تم میں سے بعض	وہ ہیں جو	چاہتے ہیں
تم میں سے بعض دنیا چاہتے ہیں اور بعض آخرت چاہتے ہیں					

ٱلۡأٓخِرَةَۚ ثُمَّ صَرَفَكُمۡ عَنۡهُمۡ لِيَبۡتَلِيَكُمۡۖ وَلَقَدۡ

ٱلۡأٓخِرَةَۚ	ثُمَّ	صَرَفَكُمۡ	عَنۡهُمۡ	لِيَبۡتَلِيَكُمۡۖ	وَلَقَدۡ
آخرت	پھر	اس (اللہ) نے پھیر دیا تم کو	ان (کافروں) سے	تاکہ وہ تمھیں آزمائے	اور یقیناً
پھر اس اللہ نے تمھیں ان کافروں سے پھیر دیا تاکہ وہ تمھیں آزمائے					

عَفَا عَنكُمۡۗ وَٱللَّهُ ذُو فَضۡلٍ عَلَى ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ١٥٢ إِذۡ

عَفَا	عَنكُمۡۗ	وَٱللَّهُ	ذُو فَضۡلٍ	عَلَى ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ١٥٢	إِذۡ
اس نے معاف کر دیا	تمھیں	اور اللہ	عظیم فضل والا ہے	مومنوں پر	جب
اور یقیناً اللہ نے تمھاری غلطی کو معاف کر دیا اور مومنوں پر اللہ عظیم فضل والا ہے					

تُصۡعِدُونَ وَلَا تَلۡوُۥنَ عَلَىٰٓ أَحَدٍ وَٱلرَّسُولُ يَدۡعُوكُمۡ

يَدۡعُوكُمۡ	وَٱلرَّسُولُ	عَلَىٰٓ أَحَدٍ	وَلَا تَلۡوُۥنَ	تُصۡعِدُونَ
تمھیں پکار رہے تھے	اور رسولؐ	کسی ایک کو	اور تم مڑ کر نہیں دیکھتے تھے	تم چڑھے چلے جارہے تھے

جب تم (پہاڑ پر) چڑھے چلے جارہے تھے اور تم کسی ایک کی طرف بھی مڑ کر نہیں دیکھتے تھے اور رسولؐ ﷺ تمھیں

فِيٓ أُخۡرَىٰكُمۡ فَأَثَٰبَكُمۡ غَمَّۢا بِغَمّٖ لِّكَيۡلَا تَحۡزَنُواْ عَلَىٰ مَا

عَلَىٰ مَا	تَحۡزَنُواْ	لِّكَيۡلَا	غَمَّۢا بِغَمّٖ	فَأَثَٰبَكُمۡ	فِيٓ أُخۡرَىٰكُمۡ
اس پر جو	تم غم کھاؤ	تاکہ نہ	غم پر غم	پھر اس نے بدلے میں دیا تمھیں	تمھارے پیچھے سے

تمھارے پیچھے سے پکار رہے تھے پھر اس نے بدلے میں تمھیں غم پر غم دیا تاکہ تم غم نہ کھاؤ

فَاتَكُمۡ وَلَا مَآ أَصَٰبَكُمۡۗ وَٱللَّهُ خَبِيرُۢ بِمَا

بِمَا	خَبِيرُۢ	وَٱللَّهُ	أَصَٰبَكُمۡۗ	وَلَا مَآ	فَاتَكُمۡ
اس پر جو	باخبر ہے	اور اللہ	تمھیں پہنچی	اور نہ (اس تکلیف پر) جو	فوت ہوگیا تم سے

اس پر جو تم سے فوت ہوگیا اور نہ اس تکلیف پر جو تمھیں پہنچی اور اللہ تمھارے اعمال سے باخبر ہے

تَعۡمَلُونَ۝١٥٣ ثُمَّ أَنزَلَ عَلَيۡكُم مِّنۢ بَعۡدِ ٱلۡغَمِّ أَمَنَةً

أَمَنَةً	مِّنۢ بَعۡدِ ٱلۡغَمِّ	عَلَيۡكُم	أَنزَلَ	ثُمَّ	تَعۡمَلُونَ۝١٥٣
امن	غم کے بعد	تم پر	اس نے نازل کیا	پھر	تم عمل کرتے ہو

پھر اس نے تم پر غم کے بعد امن نازل کیا

نُّعَاسًا يَغۡشَىٰ طَآئِفَةً مِّنكُمۡۖ وَطَآئِفَةٌ قَدۡ

قَدۡ	وَطَآئِفَةٌ	مِّنكُمۡۖ	طَآئِفَةً	يَغۡشَىٰ	نُّعَاسًا
یقیناً	اور ایک جماعت	تم میں سے	ایک جماعت کو	وہ ڈھانپتی تھی	(یعنی) ایسی اونگھ کہ

اور تم میں سے ایک جماعت کو امن کی نیند آنے لگی اور یقیناً ایک جماعت

أَهَمَّتۡهُمۡ أَنفُسُهُمۡ يَظُنُّونَ بِٱللَّهِ غَيۡرَ ٱلۡحَقِّ ظَنَّ ٱلۡجَٰهِلِيَّةِۖ

ظَنَّ ٱلۡجَٰهِلِيَّةِۖ	غَيۡرَ ٱلۡحَقِّ	بِٱللَّهِ	يَظُنُّونَ	أَنفُسُهُمۡ	أَهَمَّتۡهُمۡ
جاہلیت کا گمان	ناحق	اللہ کے بارے میں	وہ گمان کرتے تھے	ان کی جانوں نے	فکر میں ڈال دیا تھا انھیں

کہ ان کی جانوں نے انھیں فکر میں ڈال دیا تھا اور وہ اللہ کے بارے میں ناحق جاہلیت بھری بدگمانیاں کر رہے تھے

يَقُولُونَ هَل لَّنَا مِنَ ٱلۡأَمۡرِ مِن شَيۡءٍۗ قُلۡ إِنَّ

إِنَّ	قُلۡ	مِن شَيۡءٍۗ	مِنَ ٱلۡأَمۡرِ	هَل لَّنَا	يَقُولُونَ
بیشک	کہہ دیجیے	کچھ اختیار	معاملے میں	کیا ہے ہمارے لیے	وہ کہتے تھے

اور کہتے تھے کیا ہمیں بھی کسی چیز کا اختیار ہے کہہ دیجیے

ٱلۡأَمۡرَ كُلَّهُۥ لِلَّهِۗ يُخۡفُونَ فِيٓ أَنفُسِهِم مَّا

مَّا	فِيٓ أَنفُسِهِم	يُخۡفُونَ	لِلَّهِۗ	كُلَّهُۥ	ٱلۡأَمۡرَ
وہ بات جو	اپنے دلوں میں	وہ چھپاتے ہیں	اللہ ہی کے لیے ہے	سب کا سب	معاملہ

کہ سارا معاملہ اللہ کے اختیار میں ہے (اے نبی ﷺ) یہ اپنے دل میں وہ بات چھپا رہے ہیں

لَا يُبۡدُونَ لَكَۖ يَقُولُونَ لَوۡ كَانَ لَنَا

لَا يُبۡدُونَ	لَكَۖ	يَقُولُونَ	لَوۡ	كَانَ	لَنَا
نہیں وہ ظاہر کرتے	آپ کے سامنے	وہ کہتے ہیں	اگر	ہوتا	ہمارے لیے

جو وہ آپ ﷺ کے سامنے ظاہر نہیں کرتے - یہ (اپنے دل میں) کہتے ہیں کہ اگر ہمیں کچھ بھی اختیار ہوتا

مِنَ ٱلۡأَمۡرِ شَيۡءٞ مَّا قُتِلۡنَا هَٰهُنَاۗ قُل لَّوۡ كُنتُمۡ

مِنَ ٱلۡأَمۡرِ	شَيۡءٞ	مَّا قُتِلۡنَا	هَٰهُنَاۗ	قُل	لَّوۡ كُنتُمۡ
معاملے سے	کچھ اختیار	تو ہم نہ قتل کیے جاتے	یہاں	کہہ دیجیے	اگر تم ہوتے

تو ہم یہاں نہ قتل کیے جاتے - آپ ﷺ کہہ دیجیے اگر تم سب کے سب اپنے گھروں میں بھی ہوتے

فِي بُيُوتِكُمۡ لَبَرَزَ ٱلَّذِينَ كُتِبَ عَلَيۡهِمُ ٱلۡقَتۡلُ

فِي بُيُوتِكُمۡ	لَبَرَزَ	ٱلَّذِينَ	كُتِبَ	عَلَيۡهِمُ	ٱلۡقَتۡلُ
اپنے گھروں میں (بھی)	تو ضرور باہر نکلتے	وہ لوگ کہ	لکھ دیا گیا تھا	ان پر	قتل ہونا

پھر بھی جن کی قسمت میں قتل ہونا تھا تو وہ اپنی قتل گاہوں کی طرف چل پڑتے -

إِلَىٰ مَضَاجِعِهِمۡۖ وَلِيَبۡتَلِيَ ٱللَّهُ مَا فِي صُدُورِكُمۡ وَلِيُمَحِّصَ

إِلَىٰ مَضَاجِعِهِمۡۖ	وَلِيَبۡتَلِيَ	ٱللَّهُ	مَا	فِي صُدُورِكُمۡ	وَلِيُمَحِّصَ
اپنی قتل گاہوں کی طرف	اور تاکہ آزمائے	اللہ	اسے جو	تمھارے سینوں میں ہے	تاکہ وہ پاک کرے

اور یہ (معاملہ جو پیش آیا) اس لیے تھا کہ اللہ اسے آزمالے جو تمھارے سینوں میں تھا اور تاکہ وہ بالکل پاک اور خالص

مَا فِي قُلُوبِكُمۡۚ وَٱللَّهُ عَلِيمُۢ بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ ١٥٤ إِنَّ

مَا	فِي قُلُوبِكُمۡۚ	وَٱللَّهُ	عَلِيمُۢ	بِذَاتِ ٱلصُّدُورِ ١٥٤	إِنَّ
ان(وسوسوں) کو جو	تمھارے دلوں میں ہیں	اور اللہ	جانتا ہے	سینوں کے راز	بیشک
کر دے ان(وسوسوں) کو جو تمھارے دلوں میں ہیں اور اللہ تعالیٰ سینوں کے رازوں کو بھی جانتا ہے					

ٱلَّذِينَ تَوَلَّوۡاْ مِنكُمۡ يَوۡمَ ٱلۡتَقَى ٱلۡجَمۡعَانِ

ٱلَّذِينَ	تَوَلَّوۡاْ	مِنكُمۡ	يَوۡمَ	ٱلۡتَقَى	ٱلۡجَمۡعَانِ
وہ لوگ جو	پھر گئے تھے	تم میں سے	جس دن	آپس میں ملی تھیں	دو جماعتیں
بیشک وہ لوگ جو تم میں سے چلے گئے تھے جس دن دو جماعتیں آپس میں ملی تھیں					

إِنَّمَا ٱسۡتَزَلَّهُمُ ٱلشَّيۡطَٰنُ بِبَعۡضِ مَا كَسَبُواْۖ

إِنَّمَا	ٱسۡتَزَلَّهُمُ	ٱلشَّيۡطَٰنُ	بِبَعۡضِ	مَا	كَسَبُواْۖ
بیشک	پھسلا دیا تھا انھیں	شیطان نے	بسبب بعض	ان(کوتاہیوں) کے جو	انھوں نے کیں
بیشک شیطان نے ان کی بعض کوتاہیوں کے سبب جو انھوں نے کیں تھیں انھیں پھسلا دیا تھا					

وَلَقَدۡ عَفَا ٱللَّهُ عَنۡهُمۡۗ إِنَّ ٱللَّهَ غَفُورٌ

وَلَقَدۡ	عَفَا ٱللَّهُ	عَنۡهُمۡۗ	إِنَّ	ٱللَّهَ	غَفُورٌ
اور یقیناً	اللہ نے در گزر کیا	ان سے	بیشک	اللہ	معاف کرنے والا
اور یقیناً اللہ نے ان سے در گزر کیا بیشک اللہ معاف کرنے والا بردبار ہے					

حَلِيمٌ﴿١٥٥﴾ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ لَا تَكُونُواْ كَٱلَّذِينَ كَفَرُواْ

حَلِيمٌ﴿١٥٥﴾	يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ	ءَامَنُواْ	لَا تَكُونُواْ	كَٱلَّذِينَ	كَفَرُواْ
بردبار ہے	اے وہ لوگوں جو	ایمان لائے ہو	نہ ہو تم	ان لوگوں کی مانند جنہوں نے	کفر کیا

اے ایمان والوں! تم ان لوگوں کی مانند نہ ہو جانا جنہوں نے کفر کیا

وَقَالُواْ لِإِخۡوَٰنِهِمۡ إِذَا ضَرَبُواْ فِي ٱلۡأَرۡضِ أَوۡ

وَقَالُواْ	لِإِخۡوَٰنِهِمۡ	إِذَا	ضَرَبُواْ	فِي ٱلۡأَرۡضِ	أَوۡ
اور انھوں نے کہا	اپنے بھائیوں کے لیے	جب	انھوں نے سفر کیا	زمین میں	یا

اور انھوں نے اپنے بھائیوں کے حق میں، جبکہ وہ سفر میں ہوں

كَانُواْ غُزًّى لَّوۡ كَانُواْ عِندَنَا مَا مَاتُواْ

كَانُواْ	غُزًّى	لَّوۡ	كَانُواْ	عِندَنَا	مَا مَاتُواْ
وہ تھے	لڑنے والے	اگر	وہ ہوتے	ہمارے پاس	تو وہ نہ مرتے

یا جہاد میں ہوں کہا اگر وہ ہمارے پاس ہوتے تو نہ مرتے اور نہ وہ قتل کیے جاتے۔

وَمَا قُتِلُواْ لِيَجۡعَلَ ٱللَّهُ ذَٰلِكَ حَسۡرَةً

وَمَا	قُتِلُواْ	لِيَجۡعَلَ	ٱللَّهُ	ذَٰلِكَ	حَسۡرَةً
اور نہ وہ	قتل کیے جاتے	تاکہ بنادے	اللہ	اس (برے خیال) کو	پچھتاوا

اس کی وجہ یہ تھی کہ اس خیال کو اللہ ان کے دلوں میں پچھتاوے کا سبب بنادے

فِي قُلُوبِهِمۡۗ وَٱللَّهُ يُحۡيِۦ وَيُمِيتُۗ وَٱللَّهُ بِمَا

فِي قُلُوبِهِمۡۗ	وَٱللَّهُ	يُحۡيِۦ	وَيُمِيتُۗ	وَٱللَّهُ	بِمَا
ان کے دلوں میں	اور اللہ	زندہ کرتا	اور مارتا ہے	اور اللہ	اسے جو
اور اللہ زندہ کرتا اور مارتا ہے					

تَعۡمَلُونَ بَصِيرٞ ١٥٦ وَلَئِن قُتِلۡتُمۡ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ أَوۡ

تَعۡمَلُونَ	بَصِيرٞ ١٥٦	وَلَئِن	قُتِلۡتُمۡ	فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ	أَوۡ
تم عمل کرتے ہو	دیکھنے والا ہے	اور اگر	تم قتل کر دیئے گئے	اللہ کے راستے میں	یا
اور اللہ تمھارے اعمال کو دیکھنے والا ہے اور اگر تم اللہ کے راستے میں قتل کر دیئے گئے یا تم مر گئے					

مُتُّمۡ لَمَغۡفِرَةٞ مِّنَ ٱللَّهِ وَرَحۡمَةٌ خَيۡرٞ مِّمَّا

مُتُّمۡ	لَمَغۡفِرَةٞ	مِّنَ ٱللَّهِ	وَرَحۡمَةٌ	خَيۡرٞ	مِّمَّا
تم مر گئے	تو یقیناً مغفرت ہے	اللہ کی طرف سے	اور رحمت	بہت بہتر ہے	اس سے جو
تو یقیناً مغفرت اور رحمت اس سے بہت بہتر ہے جو وہ جمع کرتے ہیں					

يَجۡمَعُونَ ١٥٧ وَلَئِن مُّتُّمۡ أَوۡ قُتِلۡتُمۡ لَإِلَى ٱللَّهِ

يَجۡمَعُونَ ١٥٧	وَلَئِن	مُّتُّمۡ	أَوۡ	قُتِلۡتُمۡ	لَإِلَى ٱللَّهِ
وہ جمع کرتے ہیں	اور اگر	تم مر گئے	یا	تم قتل کر دیئے گئے	تو یقیناً اللہ ہی کی طرف
اور اگر تم مر گئے یا تم قتل کر دیئے گئے تو یقیناً اللہ ہی کی طرف تم اکٹھے کیے جاؤ گے					

تُحۡشَرُونَ۝١٥٨ فَبِمَا رَحۡمَةٖ مِّنَ ٱللَّهِ لِنتَ لَهُمۡۖ

تُحۡشَرُونَ۝١٥٨	فَبِمَا	رَحۡمَةٖ	مِّنَ ٱللَّهِ	لِنتَ	لَهُمۡۖ
تم اکٹھے کیے جاؤ گے	پھر بسبب	رحمت کے	اللہ کی	آپؐ نرم دل ہیں	ان کے لیے

پھر اللہ کی رحمت کے سبب آپ ﷺ ان کے لیے نرم دل ہیں

وَلَوۡ كُنتَ فَظًّا غَلِيظَ ٱلۡقَلۡبِ لَٱنفَضُّواْ مِنۡ حَوۡلِكَۖ

وَلَوۡ	كُنتَ	فَظًّا	غَلِيظَ ٱلۡقَلۡبِ	لَٱنفَضُّواْ	مِنۡ حَوۡلِكَۖ
اور اگر	آپؐ ہوتے	بدمزاج	سخت دل	تو وہ ضرور منتشر ہو جاتے	آپؐ کے پاس سے

اور اگر آپ ﷺ بدمزاج سخت دل ہوتے تو وہ ضرور آپ ﷺ کے پاس سے منتشر ہو جاتے

فَٱعۡفُ عَنۡهُمۡ وَٱسۡتَغۡفِرۡ لَهُمۡ وَشَاوِرۡهُمۡ فِي ٱلۡأَمۡرِۖ

فَٱعۡفُ	عَنۡهُمۡ	وَٱسۡتَغۡفِرۡ	لَهُمۡ	وَشَاوِرۡهُمۡ	فِي ٱلۡأَمۡرِۖ
پھر آپؐ معاف کر دیں	ان کو	اور بخشش مانگیں	ان کے لیے	اور مشورہ کریں ان سے	اہم معاملے میں

پھر آپ ﷺ ان کو معاف کر دیں اور ان کے لیے بخشش مانگیں اور ان سے اہم معاملے میں مشورہ کریں

فَإِذَا عَزَمۡتَ فَتَوَكَّلۡ عَلَى ٱللَّهِۚ إِنَّ ٱللَّهَ

فَإِذَا	عَزَمۡتَ	فَتَوَكَّلۡ	عَلَى ٱللَّهِۚ	إِنَّ	ٱللَّهَ
پھر جب	آپ ارادہ کر لیں	تو توکل کریں	اللہ پر	بیشک	اللہ

پھر جب آپ ﷺ ارادہ کر لیں تو اللہ پر توکل کریں۔

يُحِبُّ ٱلۡمُتَوَكِّلِينَ ١٥٩ إِن يَنصُرۡكُمُ ٱللَّهُ فَلَا غَالِبَ

يُحِبُّ	ٱلۡمُتَوَكِّلِينَ ١٥٩	إِن	يَنصُرۡكُمُ ٱللَّهُ	فَلَا	غَالِبَ
پسند کرتا ہے	توکل کرنے والوں کو	اگر	تمھاری مدد کرے اللہ	تو نہیں	کوئی غالب آنے والا

بیشک اللہ توکل کرنے والوں کو پسند کرتا ہے- اگر اللہ تمھاری مدد کرے تو کوئی تم پر غالب نہیں آسکتا

لَكُمۡۖ وَإِن يَخۡذُلۡكُمۡ فَمَن ذَا ٱلَّذِي يَنصُرُكُم

لَكُمۡۖ	وَإِن	يَخۡذُلۡكُمۡ	فَمَن	ذَا ٱلَّذِي	يَنصُرُكُم
تم پر	اور اگر	وہ تمھیں چھوڑدے	تو کون ہے	وہ جو	تمھاری مدد کرے گا

اور اگر وہ تمھیں چھوڑدے تو کون ہے جو اس کے بعد تمھاری مدد کرے گا

مِّنۢ بَعۡدِهِۦۗ وَعَلَى ٱللَّهِ فَلۡيَتَوَكَّلِ ٱلۡمُؤۡمِنُونَ ١٦٠ وَمَا كَانَ لِنَبِيٍّ

مِّنۢ بَعۡدِهِۦ	وَعَلَى ٱللَّهِ	فَلۡيَتَوَكَّلِ	ٱلۡمُؤۡمِنُونَ ١٦٠	وَمَا كَانَ	لِنَبِيٍّ
اس کے بعد	اور اللہ ہی پر	توکل کرنا چاہیے	مومنوں کو	اور نہیں ہے شان	کسی نبی کے

اور اللہ ہی پر مومنوں کو توکل کرنا چاہیے-اور کسی نبی کی یہ شان نہیں ہے

أَن يَغُلَّۚ وَمَن يَغۡلُلۡ يَأۡتِ بِمَا

أَن	يَغُلَّۚ	وَمَن	يَغۡلُلۡ	يَأۡتِ	بِمَا
یہ کہ	وہ خیانت کرے	اور جو کوئی	خیانت کرے گا	تو وہ لائے گا	اسے جو

یہ کہ وہ خیانت کرے اور جو کوئی خیانت کرے گا تو وہ اپنی خیانت کی ہوئی چیز سمیت قیامت کے دن حاضر ہو گا

غَلَّ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِۚ ثُمَّ تُوَفَّىٰ كُلُّ نَفۡسٍ

نَفۡسٍ	كُلُّ	تُوَفَّىٰ	ثُمَّ	يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِۚ	غَلَّ
نفس کو	ہر	پورا (بدلہ) دیا جائے گا	پھر	قیامت کے دن	اس نے خیانت کی

پھر ہر نفس کو اس کی کمائی کا پورا پورا بدلہ دیا جائے گا

مَّا كَسَبَتۡ وَهُمۡ لَا يُظۡلَمُونَ ١٦١ أَفَمَنِ ٱتَّبَعَ

ٱتَّبَعَ	أَفَمَنِ	يُظۡلَمُونَ ١٦١	لَا	وَهُمۡ	مَّا كَسَبَتۡ
اتباع کی	کیا پھر جس نے	ظلم کیے جائے گے	نہیں	اور وہ	جو اس نے کمایا

جو اس نے کمایا اور ان پر ظلم نہیں کیا جائے گا- کیا پھر جس نے اللہ کی رضامندی کی اتباع کی

رِضۡوَٰنَ ٱللَّهِ كَمَنۢ بَآءَ بِسَخَطٍ مِّنَ ٱللَّهِ وَمَأۡوَىٰهُ جَهَنَّمُۖ

جَهَنَّمُۖ	وَمَأۡوَىٰهُ	بِسَخَطٍ مِّنَ ٱللَّهِ	بَآءَ	كَمَنۢ	رِضۡوَٰنَ ٱللَّهِ
جہنم ہے	اور اس کا ٹھکانا	اللہ کی ناراضگی کے ساتھ	لوٹا	اس شخص کی مانند ہو گا جو	اللہ کی رضامندی کی

اس شخص کی مانند ہو گا جو اللہ کی ناراضگی کے ساتھ لوٹا اور اس کا ٹھکانا جہنم ہے

وَبِئۡسَ ٱلۡمَصِيرُ ١٦٢ هُمۡ دَرَجَٰتٌ عِندَ ٱللَّهِۗ وَٱللَّهُ

وَٱللَّهُ	عِندَ ٱللَّهِۗ	دَرَجَٰتٌ	هُمۡ	ٱلۡمَصِيرُ ١٦٢	وَبِئۡسَ
اور اللہ	اللہ کے ہاں	(الگ الگ) درجوں میں ہونگے	وہ	لوٹنے کی جگہ	اور بری ہے وہ

اور وہ بہت ہی بری جگہ ہے لوٹنے کی-وہ اللہ کے ہاں الگ الگ درجوں میں ہونگے

بَصِيرُۢ بِمَا يَعۡمَلُونَ ١٦٣ لَقَدۡ مَنَّ ٱللَّهُ عَلَى ٱلۡمُؤۡمِنِينَ

بَصِيرُۢ	بِمَا	يَعۡمَلُونَ ١٦٣	لَقَدۡ	مَنَّ ٱللَّهُ	عَلَى ٱلۡمُؤۡمِنِينَ
دیکھنے والا ہے	اسے جو	وہ کرتے ہیں	یقیناً	اللہ نے احسان کیا	مومنوں پر
اور اللہ ان کے اعمال کو دیکھنے والا ہے- یقیناً اللہ نے مومنوں پر احسان کیا					

إِذۡ بَعَثَ فِيهِمۡ رَسُولٗا مِّنۡ أَنفُسِهِمۡ يَتۡلُواْ

إِذۡ	بَعَثَ	فِيهِمۡ	رَسُولٗا	مِّنۡ أَنفُسِهِمۡ	يَتۡلُواْ
جب	اس نے بھیجا	ان میں	ایک رسول	انھی میں سے	وہ تلاوت کرتا ہے
جب اس نے ان میں انھی میں سے ایک رسول بھیجا یعنی ان کی اپنی قوم میں سے- وہ ان پر اس کی آیات تلاوت کرتا ہے					

عَلَيۡهِمۡ ءَايَٰتِهِۦ وَيُزَكِّيهِمۡ وَيُعَلِّمُهُمُ ٱلۡكِتَٰبَ وَٱلۡحِكۡمَةَ

عَلَيۡهِمۡ	ءَايَٰتِهِۦ	وَيُزَكِّيهِمۡ	وَيُعَلِّمُهُمُ	ٱلۡكِتَٰبَ	وَٱلۡحِكۡمَةَ
ان پر	اس کی آیات	اور انھیں پاک کرتا ہے	اور انھیں سکھاتا (تعلم دیتا) ہے	کتاب	اور حکمت
اور انھیں پاک کرتا ہے اور انھیں کتاب اور حکمت کی تعلم دیتا ہے					

وَإِن كَانُواْ مِن قَبۡلُ لَفِي ضَلَٰلٖ مُّبِينٍ ١٦٤

وَإِن	كَانُواْ	مِن قَبۡلُ	لَفِي	ضَلَٰلٖ	مُّبِينٍ ١٦٤
اور بیشک	وہ تھے	اس سے پہلے	یقیناً	گمراہی میں	کھلی
اور یقیناً وہ اس سے پہلے کھلی گمراہی میں تھے					

أَوَلَمَّآ أَصَٰبَتۡكُم مُّصِيبَةٞ قَدۡ أَصَبۡتُم مِّثۡلَيۡهَا

أَوَلَمَّآ	أَصَٰبَتۡكُم	مُّصِيبَةٞ	قَدۡ	أَصَبۡتُم	مِّثۡلَيۡهَا
کیا اور جب	تمھیں پہنچی (احد کے دن)	مصیبت	حالانکہ	تم پہنچا چکے	(بدر کے دن) اس سے دوگنی

اور کیا جب تمھیں احد کے دن مصیبت پہنچی تو تم بدر کے دن اس سے دوگنی پہنچا چکے

قُلۡتُمۡ أَنَّىٰ هَٰذَاۖ قُلۡ هُوَ مِنۡ

قُلۡتُمۡ	أَنَّىٰ	هَٰذَاۖ	قُلۡ	هُوَ	مِنۡ
(تو) تم نے کہا	کہاں سے (آئی)	یہ	کہہ دیجیے	وہ	سے

تو تم نے کہا، کہاں سے یہ مصیبت آئی- یعنی یہ کیوں ہو گیا؟ اللہ نے پہلے مدد کی تھی، اب کیوں نہیں کی؟

عِندِ أَنفُسِكُمۡۗ إِنَّ ٱللَّهَ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ

عِندِ أَنفُسِكُمۡۗ	إِنَّ	ٱللَّهَ	عَلَىٰ	كُلِّ	شَيۡءٖ
تمھاری اپنی طرف (سے) ہے	بیشک	اللہ	پر	ہر	چیز

کہہ دیجیے وہ تمھاری اپنی طرف سے ہے- بیشک اللہ ہر چیز پر قادر ہے

قَدِيرٞ ١٦٥ وَمَآ أَصَٰبَكُمۡ يَوۡمَ ٱلۡتَقَى ٱلۡجَمۡعَانِ

قَدِيرٞ ١٦٥	وَمَآ	أَصَٰبَكُمۡ	يَوۡمَ	ٱلۡتَقَى	ٱلۡجَمۡعَانِ
قادر ہے	اور جو کچھ	تمھیں پہنچا	جس دن	ملیں	دو جماعتیں (لشکر)

اور جو بھی مصیبت تم پر آئی جس دن دو لشکر آپس میں بھڑ گئے تھے

فَبِإِذۡنِ ٱللَّهِ وَلِيَعۡلَمَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ۝١٦٦ وَلِيَعۡلَمَ ٱلَّذِينَ

فَبِإِذۡنِ ٱللَّهِ	وَلِيَعۡلَمَ	ٱلۡمُؤۡمِنِينَ ۝١٦٦	وَلِيَعۡلَمَ	ٱلَّذِينَ
تو وہ اللہ کے حکم سے تھا	اور تا کہ وہ جان لے	مومنوں کو	اور تا کہ وہ جان لے	ان لوگوں کو جنھوں نے

تو وہ اللہ کے حکم سے تھا تا کہ وہ مومنوں اور منافقوں کو جان لے یعنی ظاہر کر دے

نَافَقُواْۚ وَقِيلَ لَهُمۡ تَعَالَوۡاْ قَٰتِلُواْ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ

نَافَقُواْۚ	وَقِيلَ	لَهُمۡ	تَعَالَوۡاْ	قَٰتِلُواْ	فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ
منافقت کی	اور کہا گیا	ان سے	تم آؤ	لڑو	اللہ کے راستے میں

اور ان منافقوں سے کہا گیا کہ آؤ اللہ کے راستے میں جنگ کرو یا (کم از کم اپنے شہر کا) دفاع کرو

أَوِ ٱدۡفَعُواْۖ قَالُواْ لَوۡ نَعۡلَمُ قِتَالٗا لَّٱتَّبَعۡنَٰكُمۡۗ

أَوِ ٱدۡفَعُواْۖ	قَالُواْ	لَوۡ نَعۡلَمُ	قِتَالٗا	لَّٱتَّبَعۡنَٰكُمۡۗ
یا تم دفع کرو (دشمن کو)	تو انہوں نے کہا	اگر ہم جانتے	لڑائی کو	تو ہم ضرور ہم تمھارے ساتھ چلتے

تو انہوں نے کہا کہ اگر ہم لڑائی کو جانتے تو ہم ضرور تمھارے ساتھ چلتے

هُمۡ لِلۡكُفۡرِ يَوۡمَئِذٍ أَقۡرَبُ مِنۡهُمۡ لِلۡإِيمَٰنِۚ

هُمۡ	لِلۡكُفۡرِ	يَوۡمَئِذٍ	أَقۡرَبُ	مِنۡهُمۡ	لِلۡإِيمَٰنِۚ
وہ	کفر کے	اس دن	زیادہ قریب تھے	بہ نسبت	ایمان کے

وہ اس دن ایمان کے مقابلے میں کفر کے زیادہ قریب تھے

يَقُولُونَ بِأَفۡوَٰهِهِم مَّا لَيۡسَ فِي قُلُوبِهِمۡۚ وَٱللَّهُ

يَقُولُونَ	بِأَفۡوَٰهِهِم	مَّا	لَيۡسَ	فِي قُلُوبِهِمۡۚ	وَٱللَّهُ
وہ کہتے ہیں	اپنے مونہوں سے	وہ جو	نہیں ہے	ان کے دلوں میں	اور اللہ
وہ اپنے مونہوں سے وہ باتیں کرتے ہیں جو ان کے دلوں میں نہیں ہے					

أَعۡلَمُ بِمَا يَكۡتُمُونَ ١٦٧ ٱلَّذِينَ قَالُواْ لِإِخۡوَٰنِهِمۡ

أَعۡلَمُ	بِمَا	يَكۡتُمُونَ ١٦٧	ٱلَّذِينَ	قَالُواْ	لِإِخۡوَٰنِهِمۡ
خوب جانتا ہے	اسے جو	وہ چھپاتے ہیں	وہ لوگ جنہوں نے	کہا	اپنے بھائیوں سے
اور اللہ اسے خوب جانتا ہے جو وہ چھپاتے ہیں وہ لوگ جنہوں نے اپنے بھائیوں سے کہا					

وَقَعَدُواْ لَوۡ أَطَاعُونَا مَا قُتِلُواْۗ قُلۡ فَٱدۡرَءُواْ

وَقَعَدُواْ	لَوۡ	أَطَاعُونَا	مَا قُتِلُواْۗ	قُلۡ	فَٱدۡرَءُواْ
جبکہ وہ خود بیٹھے رہے	اگر	وہ ہماری اطاعت کرتے	تو نہ وہ قتل کیے جاتے	کہہ دیجیے	تو تم ٹال لو
جبکہ وہ خود بیٹھے رہے۔ کہ اگر وہ ہماری اطاعت کرتے تو نہ وہ قتل کیے جاتے۔ کہہ دیجیے					

عَنۡ أَنفُسِكُمُ ٱلۡمَوۡتَ إِن كُنتُمۡ صَٰدِقِينَ ١٦٨ وَلَا

عَنۡ أَنفُسِكُمُ	ٱلۡمَوۡتَ	إِن	كُنتُمۡ	صَٰدِقِينَ ١٦٨	وَلَا
اپنے نفسوں سے	موت کو	اگر	تم ہو	سچے	اور ہرگز نہ
اگر تم سچے ہو تو اپنے نفسوں سے موت کو ٹال لو۔					

تَحۡسَبَنَّ ٱلَّذِينَ قُتِلُواْ فِي سَبِيلِ ٱللَّهِ أَمۡوَٰتَۢاۚ

تَحۡسَبَنَّ	ٱلَّذِينَ	قُتِلُواْ	فِي	سَبِيلِ ٱللَّهِ	أَمۡوَٰتَۢاۚ
آپ گمان کریں	ان لوگوں کو جو	قتل کر دیئے گئے	میں	اللہ کے راستے	مردہ
جو لوگ اللہ کے راستے میں شہید کیے گئے ہیں ان کو ہرگز مردہ نہ سمجھو					

بَلۡ أَحۡيَآءٌ عِندَ رَبِّهِمۡ يُرۡزَقُونَ ١٦٩ فَرِحِينَ بِمَآ

بَلۡ	أَحۡيَآءٌ	عِندَ رَبِّهِمۡ	يُرۡزَقُونَ ١٦٩	فَرِحِينَ	بِمَآ
بلکہ	(وہ) زندہ ہیں	اپنے رب کے پاس	وہ رزق دیئے جاتے ہیں	(وہ) خوش ہیں	اس پر جو
بلکہ وہ زندہ ہیں اور اپنے رب کے پاس وہ رزق دیئے جاتے ہیں - وہ اس پر خوش ہیں					

ءَاتَىٰهُمُ ٱللَّهُ مِن فَضۡلِهِۦ وَيَسۡتَبۡشِرُونَ بِٱلَّذِينَ لَمۡ يَلۡحَقُواْ

ءَاتَىٰهُمُ ٱللَّهُ	مِن فَضۡلِهِۦ	وَيَسۡتَبۡشِرُونَ	بِٱلَّذِينَ	لَمۡ يَلۡحَقُواْ
اللہ نے انھیں دیا	اپنے فضل سے	اور وہ خوشی محسوس کرتے ہیں	ان لوگوں کے ساتھ جو	نہیں ملے
جو اللہ نے انھیں اپنے فضل سے دیا اور وہ خوشی محسوس کرتے ہیں ان لوگوں کے بارے میں جو				

بِهِم مِّنۡ خَلۡفِهِمۡ أَلَّا خَوۡفٌ عَلَيۡهِمۡ وَلَا هُمۡ

بِهِم	مِّنۡ خَلۡفِهِمۡ	أَلَّا	خَوۡفٌ	عَلَيۡهِمۡ	وَلَا هُمۡ
ان کو	ان کے پیچھے سے	یہ کہ نہ	خوف ہو گا	ان پر	اور نہ وہ
ان کو نہیں ملے ان کے پیچھے ہیں کہ نہ وہ خوف ذدہ ہونگے اور نہ وہ غمگین ہونگے					

يَحۡزَنُونَ۝١٧٠ يَسۡتَبۡشِرُونَ بِنِعۡمَةٖ مِّنَ ٱللَّهِ وَفَضۡلٖ

يَحۡزَنُونَ۝١٧٠	يَسۡتَبۡشِرُونَ	بِنِعۡمَةٖ	مِّنَ ٱللَّهِ	وَفَضۡلٖ
غمگین ہونگے	وہ خوشی محسوس کرتے ہیں	احسان کے ساتھ	اللہ کی طرف سے	اور (اس کے) فضل (کے ساتھ)

اور وہ خوشی محسوس کرتے ہیں اللہ کے احسان اور اس کے فضل کے ساتھ۔

وَأَنَّ ٱللَّهَ لَا يُضِيعُ أَجۡرَ ٱلۡمُؤۡمِنِينَ۝١٧١ ٱلَّذِينَ ٱسۡتَجَابُواْ

وَأَنَّ ٱللَّهَ	لَا يُضِيعُ	أَجۡرَ	ٱلۡمُؤۡمِنِينَ۝١٧١	ٱلَّذِينَ	ٱسۡتَجَابُواْ
اور اللہ	ضائع نہیں کرتا	اجر	مومنوں کا	وہ لوگ جنھوں نے	حکم مانا

اور اللہ مومنوں کا اجر ضائع نہیں کرتا۔ وہ لوگ جنھوں نے اللہ اور رسول کا حکم مانا

لِلَّهِ وَٱلرَّسُولِ مِنۢ بَعۡدِ مَآ أَصَابَهُمُ ٱلۡقَرۡحُۚ لِلَّذِينَ

لِلَّهِ	وَٱلرَّسُولِ	مِنۢ بَعۡدِ مَآ	أَصَابَهُمُ	ٱلۡقَرۡحُۚ	لِلَّذِينَ
اللہ کا	اور رسول کا	اس کے بعد کہ	انھیں پہنچے	زخم	ان لوگوں کے لیے جنھوں نے

اس کے بعد کہ انھیں زخم پہنچے۔

أَحۡسَنُواْ مِنۡهُمۡ وَٱتَّقَوۡاْ أَجۡرٌ عَظِيمٌ۝١٧٢ ٱلَّذِينَ

أَحۡسَنُواْ	مِنۡهُمۡ	وَٱتَّقَوۡاْ	أَجۡرٌ	عَظِيمٌ۝١٧٢	ٱلَّذِينَ
نیکی کی	ان میں سے	اور تقوی اختیار کیا	اجر	عظیم ہے	وہ لوگ کہ

ان میں سے ان لوگوں کے لیے جنھوں نے نیکی کی اور تقوی اختیار کیا اجر عظیم ہے

قَالَ لَهُمُ ٱلنَّاسُ إِنَّ ٱلنَّاسَ قَدۡ

قَدۡ	ٱلنَّاسَ	إِنَّ	ٱلنَّاسُ	لَهُمُ	قَالَ
یقیناً	لوگوں نے	بیشک	لوگوں نے	ان سے	کہا
وہ لوگ کہ جب ان سے لوگوں نے کہا- بیشک لوگوں نے یعنی کافروں نے					

جَمَعُواْ لَكُمۡ فَٱخۡشَوۡهُمۡ فَزَادَهُمۡ إِيمَٰنٗا وَقَالُواْ

إِيمَٰنٗا	فَزَادَهُمۡ	فَٱخۡشَوۡهُمۡ	لَكُمۡ	جَمَعُواْ
ایمان میں	تو (اس بات نے) زیادہ کر دیا انھیں	پھر تم ان سے ڈرو	تمھارے مقابلے میں	جمع کیا ہے (لشکر)
تمھارے مقابلے میں لشکر جمع کیا ہے پھر تم ان سے ڈرو- تو اس بات نے ان کے ایمان کو اور زیادہ کر دیا				

وَقَالُواْ حَسۡبُنَا ٱللَّهُ وَنِعۡمَ ٱلۡوَكِيلُ ﴿١٧٣﴾ فَٱنقَلَبُواْ

فَٱنقَلَبُواْ	ٱلۡوَكِيلُ ﴿١٧٣﴾	وَنِعۡمَ	ٱللَّهُ	حَسۡبُنَا	وَقَالُواْ
پھر وہ لوٹے	کارساز	اور وہ اچھا ہے	اللہ	ہمیں کافی ہے	اور انھوں نے کہا
اور انھوں نے کہا ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ اچھا کارساز ہے					

بِنِعۡمَةٖ مِّنَ ٱللَّهِ وَفَضۡلٖ لَّمۡ يَمۡسَسۡهُمۡ سُوٓءٞ وَٱتَّبَعُواْ

وَٱتَّبَعُواْ	سُوٓءٞ	لَّمۡ يَمۡسَسۡهُمۡ	وَفَضۡلٖ	مِّنَ ٱللَّهِ	بِنِعۡمَةٖ
اور انھوں نے پیروی کی	کوئی برائی	نہیں پہنچی ان کو	اور فضل	اللہ کی طرف سے	نعمت کے ساتھ
پھر وہ اللہ کی نعمت اور فضل کے ساتھ لوٹے اور ان کو کوئی برائی نہیں پہنچی					

رِضۡوَٰنَ ٱللَّهِۗ وَٱللَّهُ ذُو فَضۡلٍ عَظِيمٍ ۝١٧٤ إِنَّمَا ذَٰلِكُمُ ٱلشَّيۡطَٰنُ

رِضۡوَٰنَ ٱللَّهِۗ	وَٱللَّهُ	ذُو فَضۡلٍ عَظِيمٍ ۝١٧٤	إِنَّمَا	ذَٰلِكُمُ	ٱلشَّيۡطَٰنُ
اللہ کی رضامندی کی	اور اللہ	بہت بڑے فضل والا ہے	بیشک	یہ (تو)	شیطان ہی ہے
اور انھوں نے اللہ کی رضامندی کی پیروی کی، اور اللہ بہت بڑے فضل والا ہے- بیشک یہ خبر دینے والا تو شیطان ہی ہے					

يُخَوِّفُ أَوۡلِيَآءَهُۥ فَلَا تَخَافُوهُمۡ وَخَافُونِ إِن كُنتُم مُّؤۡمِنِينَ ۝١٧٥

يُخَوِّفُ	أَوۡلِيَآءَهُۥ	فَلَا تَخَافُوهُمۡ	وَخَافُونِ	إِن كُنتُم	مُّؤۡمِنِينَ ۝١٧٥
وہ ڈراتا ہے	اپنے دوستوں سے	تو تم ان سے نہ ڈرو	اور تم مجھ سے ڈرو	اگر ہو تم	مومن
جو اپنے دوستوں سے ڈراتا ہے تو تم ان کافروں سے نہ ڈرو اور مجھ سے ڈرو، اگر تم مومن ہو					

وَلَا يَحۡزُنكَ ٱلَّذِينَ يُسَٰرِعُونَ فِي ٱلۡكُفۡرِۚ إِنَّهُمۡ لَن يَضُرُّواْ

وَلَا يَحۡزُنكَ	ٱلَّذِينَ	يُسَٰرِعُونَ	فِي ٱلۡكُفۡرِۚ	إِنَّهُمۡ	لَن يَضُرُّواْ
اور آپ ﷺ کو غم میں نہ ڈالیں	وہ لوگ جو	جلدی کرتے ہیں	کفر میں	بیشک وہ	ہرگز نقصان نہیں پہنچا سکیں گے
کفر میں آگے بڑھنے والے لوگ آپ ﷺ کو غم میں نہ ڈالیں- یقیناً وہ اللہ کو کچھ بھی نقصان نہیں پہنچا سکیں گے					

ٱللَّهَ شَيۡـٔٗاۗ يُرِيدُ ٱللَّهُ أَلَّا يَجۡعَلَ

ٱللَّهَ	شَيۡـٔٗاۗ	يُرِيدُ	ٱللَّهُ	أَلَّا	يَجۡعَلَ
اللہ کو	کچھ بھی	ارادہ کرتا ہے	اللہ	کہ نہ	رکھے
اللہ ارادہ کرتا ہے کہ ان کے لیے آخرت میں کوئی حصہ نہ رکھے					

لَهُمۡ حَظّٗا فِي ٱلۡأٓخِرَةِۖ وَلَهُمۡ عَذَابٌ عَظِيمٌ ١٧٦

لَهُمۡ	حَظّٗا	فِي ٱلۡأٓخِرَةِۖ	وَلَهُمۡ	عَذَابٌ	عَظِيمٌ ١٧٦
ان کے لیے	کوئی حصہ	آخرت میں	اور ان کے لیے	عذاب ہے	عظیم
اور ان کے لیے عذاب عظیم ہے					

إِنَّ ٱلَّذِينَ ٱشۡتَرَوُاْ ٱلۡكُفۡرَ بِٱلۡإِيمَٰنِ لَن يَضُرُّواْ

إِنَّ	ٱلَّذِينَ	ٱشۡتَرَوُاْ	ٱلۡكُفۡرَ	بِٱلۡإِيمَٰنِ	لَن يَضُرُّواْ
بیشک وہ لوگ	جنہوں نے	خریدا	کفر کو	ایمان کے بدلے	وہ ہر گز نقصان نہیں پہنچا سکیں گے
بیشک وہ لوگ جنہوں نے کفر کو ایمان کے بدلے خریدا- وہ ہر گز اللہ کو کچھ بھی نقصان نہیں پہنچا سکیں گے					

ٱللَّهَ شَيۡـٔٗاۗ وَلَهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٞ ١٧٧ وَلَا يَحۡسَبَنَّ

ٱللَّهَ	شَيۡـٔٗاۗ	وَلَهُمۡ	عَذَابٌ	أَلِيمٞ ١٧٧	وَلَا يَحۡسَبَنَّ
اللہ کا	کچھ بھی	اور ان کے لیے	عذاب	دردناک ہے	اور نہ گمان کریں
اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے					

ٱلَّذِينَ كَفَرُوٓاْ أَنَّمَا نُمۡلِي لَهُمۡ خَيۡرٞ

ٱلَّذِينَ	كَفَرُوٓاْ	أَنَّمَا	نُمۡلِي	لَهُمۡ	خَيۡرٞ
وہ لوگ جنہوں نے	کفر کیا	کہ جو	ہم ڈھیل دے رہے ہیں	انھیں	(وہ) بہتر ہے
کافر لوگ ہماری دی ہوئی ڈھیل کو اپنے حق میں بہتر نہ سمجھیں					

لِّأَنفُسِهِمۡۚ إِنَّمَا نُمۡلِي لَهُمۡ لِيَزۡدَادُوٓاْ إِثۡمٗاۖ

إِثۡمٗاۖ	لِيَزۡدَادُوٓاْ	لَهُمۡ	نُمۡلِي	إِنَّمَا	لِّأَنفُسِهِمۡۚ
گناہ میں	تاکہ وہ زیادہ ہو جائیں	انھیں	مہلت دیتے ہیں	ہم تو صرف	ان کی جانوں کے لیے
ہم تو یہ مہلت انھیں صرف اس لیے دیتے ہیں تاکہ وہ گناہ میں زیادہ ہو جائیں					

وَلَهُمۡ عَذَابٞ مُّهِينٞ ۝١٧٨ مَّا كَانَ ٱللَّهُ لِيَذَرَ

لِيَذَرَ	ٱللَّهُ	مَّا كَانَ	مُّهِينٞ ۝١٧٨	عَذَابٞ	وَلَهُمۡ
کہ چھوڑ دے	اللہ	نہیں ہے	رسوا کرنے والا	عذاب ہے	اور ان کے لیے
اور ان کے لیے رسوا کرنے والا عذاب ہے- اللہ وہ نہیں ہے کہ چھوڑے رکھے					

ٱلۡمُؤۡمِنِينَ عَلَىٰ مَآ أَنتُمۡ عَلَيۡهِ حَتَّىٰ يَمِيزَ ٱلۡخَبِيثَ

ٱلۡخَبِيثَ	يَمِيزَ	حَتَّىٰ	أَنتُمۡ عَلَيۡهِ	عَلَىٰ مَآ	ٱلۡمُؤۡمِنِينَ
ناپاک کو	وہ علیحدہ کر دے	یہاں تک کہ	تم اس پر (ہو)	اس (حالت) پر کہ	مومنوں کو
مومنوں کو اس حالت میں جس پر تم ہو یہاں تک کہ وہ ناپاک کو پاک سے علیحدہ کر دے					

مِنَ ٱلطَّيِّبِۗ وَمَا كَانَ ٱللَّهُ لِيُطۡلِعَكُمۡ عَلَى ٱلۡغَيۡبِ

عَلَى ٱلۡغَيۡبِ	لِيُطۡلِعَكُمۡ	ٱللَّهُ	كَانَ	وَمَا	مِنَ ٱلطَّيِّبِۗ
غیب پر	کہ وہ تمھیں مطلع کرے	اللہ	ہے	اور نہیں	پاک سے
اور اللہ تعالیٰ کا یہ طریقہ بھی نہیں ہے کہ وہ تمھیں غیب کی خبریں بتائے					

وَلَـٰكِنَّ ٱللَّهَ يَجۡتَبِي مِن رُّسُلِهِۦ مَن يَشَآءُۖ فَـَٔامِنُواْ بِٱللَّهِ

بِٱللَّهِ	فَـَٔامِنُواْ	مَن يَشَآءُۖ	مِن رُّسُلِهِۦ	يَجۡتَبِي	وَلَـٰكِنَّ ٱللَّهَ
اللہ پر	لہذا تم ایمان لاؤ	جسے وہ چاہتا ہے	اپنے رسولوں میں سے	چن لیتا ہے	اور لیکن اللہ
اور لیکن اللہ اپنے رسولوں میں سے جسے وہ چاہتا ہے چن لیتا ہے- لہذا تم اللہ پر					

وَرُسُلِهِۦۚ وَإِن تُؤۡمِنُواْ وَتَتَّقُواْ فَلَكُمۡ أَجۡرٌ

أَجۡرٌ	فَلَكُمۡ	وَتَتَّقُواْ	تُؤۡمِنُواْ	وَإِن	وَرُسُلِهِۦۚ
اجر	تو تمھارے لیے ہے	اور تقوی اختیار کروگے	تم ایمان لاؤگے	اور اگر	اور اس کے رسولوں (پر)
اور اس کے رسولوں پر ایمان لاؤ اور اگر تم ایمان لاؤگے اور تقوی اختیار کروگے تو تمھارے لیے اجر عظیم ہے					

عَظِيمٌ ١٧٩ وَلَا يَحۡسَبَنَّ ٱلَّذِينَ يَبۡخَلُونَ بِمَآ ءَاتَىٰهُمُ ٱللَّهُ

ءَاتَىٰهُمُ ٱللَّهُ	بِمَآ	يَبۡخَلُونَ	ٱلَّذِينَ	وَلَا يَحۡسَبَنَّ	عَظِيمٌ ١٧٩
انھیں اللہ نے دیا	اس میں جو	بخل کرتے ہیں	وہ لوگ جو	اور ہر گز گمان نہ کریں	عظیم
اور ہر گز گمان نہ کریں وہ لوگ جو بخل کرتے ہیں اس میں جو اللہ نے انھیں اپنے فضل سے دیا ہے					

مِن فَضۡلِهِۦ هُوَ خَيۡرًا لَّهُمۖ بَلۡ هُوَ

هُوَ	بَلۡ	لَّهُمۖ	خَيۡرًا	هُوَ	مِن فَضۡلِهِۦ
وہ	بلکہ	ان کے لیے	بہتر ہے	وہ	اپنے فضل سے
کہ وہ ان کے لیے بہتر ہے					

شَرٌّ لَّهُمۡۖ سَيُطَوَّقُونَ مَا بَخِلُواْ بِهِۦ

شَرٌّ	لَّهُمۡۖ	سَيُطَوَّقُونَ	مَا	بَخِلُواْ	بِهِۦ
بد تر ہے	ان کے لیے	عنقریب وہ طوق پہنائے جائیں گے	اس (مال) کا کہ	انھوں نے بخل کیا تھا	اس میں
بلکہ وہ ان کے لیے بد تر ہے عنقریب وہ اسی مال کے طوق بنا کر ان کی گردنوں میں پہنائے جائیں گے جس میں انھوں نے بخل کیا تھا					

يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِۗ وَلِلَّهِ مِيرَٰثُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۗ وَٱللَّهُ بِمَا

يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِۗ	وَلِلَّهِ	مِيرَٰثُ	ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۗ	وَٱللَّهُ	بِمَا
قیامت کے دن	اور اللہ ہی کے لیے	میراث ہے	آسمانوں اور زمین کی	اور اللہ	اس سے جو
قیامت کے دن - اور آسمانوں اور زمین کی وراثت بالا آخر اللہ ہی کے لیے ہے					

تَعۡمَلُونَ خَبِيرٞ ۝١٨٠ لَّقَدۡ سَمِعَ ٱللَّهُ قَوۡلَ ٱلَّذِينَ

تَعۡمَلُونَ	خَبِيرٞ ۝١٨٠	لَّقَدۡ	سَمِعَ ٱللَّهُ	قَوۡلَ	ٱلَّذِينَ
تم عمل کرتے ہو	خبر دار ہے	یقیناً	اللہ نے سن لی	بات	ان لوگوں کی جنھوں نے
اور اللہ تمھارے اعمال سے باخبر ہے- یقیناً اللہ نے ان لوگوں کی بات سن لی- جنھوں نے کہا					

قَالُوٓاْ إِنَّ ٱللَّهَ فَقِيرٞ وَنَحۡنُ أَغۡنِيَآءُ

قَالُوٓاْ	إِنَّ	ٱللَّهَ	فَقِيرٞ	وَنَحۡنُ	أَغۡنِيَآءُ
کہا	بیشک	اللہ	فقیر ہے	اور ہم	مالدار ہیں
کہ اللہ فقیر ہے اور ہم مالدار ہیں					

سَنَكۡتُبُ مَا قَالُواْ وَقَتۡلَهُمُ ٱلۡأَنۢبِيَآءَ بِغَيۡرِ حَقّٖ

سَنَكۡتُبُ	مَا قَالُواْ	وَقَتۡلَهُمُ	ٱلۡأَنۢبِيَآءَ	بِغَيۡرِ	حَقّٖ
عنقریب ہم لکھتے ہیں	جو کچھ انھوں نے کہا	اور ان کا قتل کرنا (بھی)	انبیاء کو	نا	حق

عنقریب ہم لکھتے ہیں جو کچھ انھوں نے کہا اور ان کا ناحق انبیاء کو قتل کرنا

وَنَقُولُ ذُوقُواْ عَذَابَ ٱلۡحَرِيقِ ﴿١٨١﴾ ذَٰلِكَ بِمَا

وَنَقُولُ	ذُوقُواْ	عَذَابَ	ٱلۡحَرِيقِ ﴿١٨١﴾	ذَٰلِكَ	بِمَا
اور ہم کہیں گے	چکھو	عذاب	جلانے والا	یہ	بسبب اس کے جو

اور ہم کہیں گے اب چکھو عذاب جلانے والا۔ یہ بسبب اس کے جو

قَدَّمَتۡ أَيۡدِيكُمۡ وَأَنَّ ٱللَّهَ لَيۡسَ بِظَلَّامٖ

قَدَّمَتۡ	أَيۡدِيكُمۡ	وَأَنَّ	ٱللَّهَ	لَيۡسَ	بِظَلَّامٖ
آگے بھیجا	تمھارے ہاتھوں نے	اور (اس لیے کہ) بیشک	اللہ	نہیں ہے	ظلم کرنے والا

تمھارے ہاتھوں نے آگے بھیجا اور اس لیے کہ بیشک اللہ بندوں پر ظلم کرنے والا نہیں ہے

لِّلۡعَبِيدِ ﴿١٨٢﴾ ٱلَّذِينَ قَالُوٓاْ إِنَّ ٱللَّهَ عَهِدَ إِلَيۡنَآ

لِّلۡعَبِيدِ ﴿١٨٢﴾	ٱلَّذِينَ	قَالُوٓاْ	إِنَّ ٱللَّهَ	عَهِدَ	إِلَيۡنَآ
بندوں پر	وہ لوگ جنھوں نے	کہا	بیشک اللہ نے	عہد لیا ہے	ہم سے

وہ لوگ جنھوں نے کہا بیشک اللہ نے ہمیں حکم دیا ہے

أَلَّا نُؤۡمِنَ لِرَسُولٍ حَتَّىٰ يَأۡتِيَنَا بِقُرۡبَانٍ

بِقُرۡبَانٍ	يَأۡتِيَنَا	حَتَّىٰ	لِرَسُولٍ	نُؤۡمِنَ	أَلَّا
ایسی قربانی	وہ لائے ہمارے پاس	یہاں تک کہ	کسی رسول پر	ایمان لائیں	یہ کہ ہم نہ
کہ ہم کسی رسول کو نہ مانیں جب تک کہ وہ ہمارے پاس ایسی قربانی نہ لائے جسے آگ کھا جائے					

تَأۡكُلُهُ ٱلنَّارُۗ قُلۡ قَدۡ جَآءَكُمۡ رُسُلٌ

رُسُلٌ	جَآءَكُمۡ	قَدۡ	قُلۡ	ٱلنَّارُۗ	تَأۡكُلُهُ
کئی رسول	آئے تمھارے پاس	یقیناً	کہہ دیجیے	آگ	کھا جائے اسے
کہہ دیجیے (محمد ﷺ) یقیناً مجھ سے پہلے کئی رسول واضح دلائل کے ساتھ تمھارے پاس آئے					

مِّن قَبۡلِي بِٱلۡبَيِّنَٰتِ وَبِٱلَّذِي قُلۡتُمۡ فَلِمَ قَتَلۡتُمُوهُمۡ

قَتَلۡتُمُوهُمۡ	فَلِمَ	قُلۡتُمۡ	وَبِٱلَّذِي	بِٱلۡبَيِّنَٰتِ	مِّن قَبۡلِي
تم نے انھیں قتل کیا	پھر کیوں	تم نے کہا	اور اس کے ساتھ جو	واضح دلائل کے ساتھ	مجھ سے پہلے
اور اس چیز کے ساتھ آئے جو تم نے کہا پھر کیوں تم نے انھیں قتل کیا					

إِن كُنتُمۡ صَٰدِقِينَ ١٨٣ فَإِن كَذَّبُوكَ فَقَدۡ

فَقَدۡ	كَذَّبُوكَ	فَإِن	صَٰدِقِينَ ١٨٣	كُنتُمۡ	إِن
تو یقیناً	وہ آپؐ کو جھٹلائیں	پھر اگر	سچے	تم ہو	اگر
اگر تم سچے ہو- پھر اے نبی ﷺ اگر وہ آپؐ ﷺ کو جھٹلائیں					

كُذِّبَ رُسُلٌ مِّن قَبۡلِكَ جَآءُو بِٱلۡبَيِّنَٰتِ وَٱلزُّبُرِ

وَٱلزُّبُرِ	بِٱلۡبَيِّنَٰتِ	جَآءُو	مِّن قَبۡلِكَ	رُسُلٌ	كُذِّبَ
اور صحیفے	واضح دلائل	وہ لائے تھے	آپؐ سے پہلے	کئی رسول	جھٹلائے گئے

تو آپ ﷺ سے پہلے کئی رسول جھٹلائے گئے اور وہ واضح دلائل، صحیفے اور روشن کتاب لائے تھے

وَٱلۡكِتَٰبِ ٱلۡمُنِيرِ ١٨٤ كُلُّ نَفۡسٍ ذَآئِقَةُ ٱلۡمَوۡتِۗ

ٱلۡمَوۡتِۗ	ذَآئِقَةُ	نَفۡسٍ	كُلُّ	ٱلۡمُنِيرِ ١٨٤	وَٱلۡكِتَٰبِ
موت کو	چکھنے والا ہے	نفس	ہر	روشن	اور کتاب

ہر نفس کو موت کا مزہ چکھنا ہے

وَإِنَّمَا تُوَفَّوۡنَ أُجُورَكُمۡ يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِۖ فَمَن زُحۡزِحَ

زُحۡزِحَ	فَمَن	يَوۡمَ ٱلۡقِيَٰمَةِۖ	أُجُورَكُمۡ	تُوَفَّوۡنَ	وَإِنَّمَا
دور کر دیا گیا	پھر جو شخص	قیامت کے دن	اپنے اجر	تم پورے دیئے جاؤ گے	اور بیشک

اور بیشک تمھیں تمھارے اعمال کا پورا پورا بدلہ قیامت کے دن دیا جائے گا- پھر جو شخص آگ سے دور کر دیا گیا

عَنِ ٱلنَّارِ وَأُدۡخِلَ ٱلۡجَنَّةَ فَقَدۡ فَازَۗ وَمَا

وَمَا	فَازَۗ	فَقَدۡ	ٱلۡجَنَّةَ	وَأُدۡخِلَ	عَنِ ٱلنَّارِ
اور نہیں ہے	وہ کامیاب ہو گیا	تو یقیناً	جنت میں	اور داخل کر دیا گیا	آگ سے

اور جنت میں داخل کر دیا گیا تو یقیناً وہ کامیاب ہو گیا

ٱلۡحَيَوٰةُ ٱلدُّنۡيَآ إِلَّا مَتَٰعُ ٱلۡغُرُورِ ۝١٨٥ لَتُبۡلَوُنَّ

لَتُبۡلَوُنَّ	ٱلۡغُرُورِ ۝١٨٥	مَتَٰعُ	إِلَّا	ٱلدُّنۡيَآ	ٱلۡحَيَوٰةُ
یقیناً تم ضرور آزمائے جاؤ گے	دھوکے کا	سامان	مگر	دنیا کی	زندگی

اور نہیں ہے دنیا کی زندگی مگر دھوکے کا سامان -(مسلمانوں یاد رکھو) تمھیں لازماً آزمایا جائے گا

فِيٓ أَمۡوَٰلِكُمۡ وَأَنفُسِكُمۡ وَلَتَسۡمَعُنَّ مِنَ ٱلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلۡكِتَٰبَ

ٱلۡكِتَٰبَ	أُوتُواْ	مِنَ ٱلَّذِينَ	وَلَتَسۡمَعُنَّ	وَأَنفُسِكُمۡ	فِيٓ أَمۡوَٰلِكُمۡ
کتاب	دیئے گئے	اور ان لوگوں سے جو	اور یقیناً تم ضرور سنو گے	اور اپنی جانوں (میں)	اپنے مالوں میں

تمھارے مالوں میں بھی اور تمھاری جانوں میں بھی- اور یقیناً تم ضرور سنو گے ان لوگوں سے جو تم سے پہلے کتاب دیئے گئے

مِن قَبۡلِكُمۡ وَمِنَ ٱلَّذِينَ أَشۡرَكُوٓاْ أَذٗى كَثِيرٗاۚ وَإِن

وَإِن	كَثِيرٗاۚ	أَذٗى	أَشۡرَكُوٓاْ	وَمِنَ ٱلَّذِينَ	مِن قَبۡلِكُمۡ
اور اگر	بہت سی	ایذا (کی باتیں)	شرک کیا	اور ان لوگوں سے بھی جنھوں نے	تم سے پہلے

اور ان لوگوں سے بھی جنھوں نے شرک کیا بہت سی تکلیف دہ باتیں

تَصۡبِرُواْ وَتَتَّقُواْ فَإِنَّ ذَٰلِكَ مِنۡ عَزۡمِ ٱلۡأُمُورِ ۝١٨٦ وَإِذۡ

وَإِذۡ	مِنۡ عَزۡمِ ٱلۡأُمُورِ ۝١٨٦	ذَٰلِكَ	فَإِنَّ	وَتَتَّقُواْ	تَصۡبِرُواْ
اور جب	ہمت کے کاموں میں سے ہے	یہ	تو بیشک	اور تقوی اختیار کرو	تم صبر کرو

اور اگر تم صبر کرو اور تقوی اختیار کرو تو بیشک یہ ہمت کے کاموں میں سے ہے

أَخَذَ ٱللَّهُ مِيثَٰقَ ٱلَّذِينَ أُوتُواْ ٱلۡكِتَٰبَ لَتُبَيِّنُنَّهُۥ

لَتُبَيِّنُنَّهُۥ	ٱلۡكِتَٰبَ	أُوتُواْ	ٱلَّذِينَ	مِيثَٰقَ	أَخَذَ ٱللَّهُ
کہ تم ضرور اسے بیان کروگے	کتاب	دیئے گئے	ان لوگوں سے جو	وعدہ	اللہ نے لیا
اللہ نے جب اہل کتاب سے وعدہ لیا کہ تم ضرور اسے لوگوں سے بیان کروگے					

لِلنَّاسِ وَلَا تَكۡتُمُونَهُۥ فَنَبَذُوهُ وَرَآءَ ظُهُورِهِمۡ

ظُهُورِهِمۡ	وَرَآءَ	فَنَبَذُوهُ	وَلَا تَكۡتُمُونَهُۥ	لِلنَّاسِ
اپنی پیٹھوں کے	پیچھے	پھر بھی انھوں نے اسے پھینک دیا	اور نہ تم اسے چھپاؤگے	لوگوں کے لیے
اور اسے نہیں چھپاؤگے توانھوں نے اس عہد کو اپنی پیٹھوں کے پیچھے پھینک دیا				

وَٱشۡتَرَوۡاْ بِهِۦ ثَمَنٗا قَلِيلٗاۖ فَبِئۡسَ مَا يَشۡتَرُونَ ١٨٧

مَا يَشۡتَرُونَ ١٨٧	فَبِئۡسَ	قَلِيلٗاۖ	ثَمَنٗا	بِهِۦ	وَٱشۡتَرَوۡاْ
وہ جو خریدتے ہیں	پس براہے	تھوڑاسا	مول	اس کے بدلے	اور انھوں نے اسے خرید لیا
اور اس کے بدلے تھوڑی سی قیمت وصول کرلی تو بہت ہی بری شے ہے جو وہ (اس کے بدلے میں) حاصل کررہے ہیں					

لَا تَحۡسَبَنَّ ٱلَّذِينَ يَفۡرَحُونَ بِمَآ أَتَواْ

أَتَواْ	بِمَآ	يَفۡرَحُونَ	ٱلَّذِينَ	لَا تَحۡسَبَنَّ
جوانہوں نے (کرتوت) کیے	اس کے ساتھ	خوش ہوتے ہیں	ان لوگوں کو جو	آپ ہر گز گمان نہ کریں
آپ ان کے بارے میں خیال نہ کریں جو اپنے کیے پر خوش ہوتے ہیں				

وَّيُحِبُّونَ أَن يُحۡمَدُواْ بِمَا لَمۡ يَفۡعَلُواْ فَلَا

وَّيُحِبُّونَ	أَن	يُحۡمَدُواْ	بِمَا	لَمۡ يَفۡعَلُواْ	فَلَا
اور وہ پسند کرتے ہیں	یہ کہ	وہ تعریف کیے جائیں	اس کے ساتھ جو	انھوں نے نہیں کیا	پھر آپ ہر گز نہ
اور وہ پسند کرتے ہیں کہ اس پر ان کی تعریف کی جائے جو انہوں نے کیا ہی نہیں					

تَحۡسَبَنَّهُم بِمَفَازَةٖ مِّنَ ٱلۡعَذَابِۖ وَلَهُمۡ عَذَابٌ أَلِيمٞ ١٨٨

تَحۡسَبَنَّهُم	بِمَفَازَةٖ	مِّنَ ٱلۡعَذَابِۖ	وَلَهُمۡ	عَذَابٌ	أَلِيمٞ ١٨٨
سمجھیں ان کے لیے	نجات پا جانا	عذاب سے	اور ان کے لیے	عذاب ہے	دردناک
پھر آپ ہر گز ان کے بارے میں یہ خیال نہ کریں کہ وہ عذاب سے نجات پا جائیں گے اور ان کے لیے دردناک عذاب ہے					

وَلِلَّهِ مُلۡكُ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۗ وَٱللَّهُ عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ قَدِيرٌ ١٨٩

وَلِلَّهِ	مُلۡكُ	ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِۗ	وَٱللَّهُ	عَلَىٰ كُلِّ شَيۡءٖ	قَدِيرٌ ١٨٩
اور اللہ ہی کے لیے ہے	بادشاہی	آسمانوں اور زمین کی	اور اللہ	ہر چیز پر	قادر ہے
اور اللہ ہی کے لیے آسمانوں اور زمین کی بادشاہی ہے اور اللہ ہر چیز پر قادر ہے					

إِنَّ فِي خَلۡقِ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ وَٱخۡتِلَٰفِ ٱلَّيۡلِ وَٱلنَّهَارِ

إِنَّ	فِي خَلۡقِ ٱلسَّمَٰوَٰتِ	وَٱلۡأَرۡضِ	وَٱخۡتِلَٰفِ	ٱلَّيۡلِ	وَٱلنَّهَارِ
بیشک	آسمانوں کی پیدائش میں	اور زمین کی	اور بدل بدل کر آنے جانے میں	رات	اور دن کے
بیشک آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں اور رات اور دن کے بدل بدل کر آنے جانے میں					

لَأٓيَٰتٖ لِّأُوْلِي ٱلۡأَلۡبَٰبِ ﴿١٩٠﴾ ٱلَّذِينَ يَذۡكُرُونَ ٱللَّهَ قِيَٰمٗا وَقُعُودٗا

لَأٓيَٰتٖ	لِّأُوْلِي ٱلۡأَلۡبَٰبِ ﴿١٩٠﴾	ٱلَّذِينَ	يَذۡكُرُونَ ٱللَّهَ	قِيَٰمٗا	وَقُعُودٗا
یقیناً بہت سی نشانیاں ہیں	عقلمندوں کے لیے	وہ لوگ جو	یاد کرتے ہیں اللہ کو	کھڑے	اور بیٹھے
یقیناً عقلمندوں کے لیے بہت سی نشانیاں ہیں وہ لوگ جو کھڑے، بیٹھے اور اپنے پہلوں پر اللہ کو یاد کرتے ہیں					

وَعَلَىٰ جُنُوبِهِمۡ وَيَتَفَكَّرُونَ فِي خَلۡقِ ٱلسَّمَٰوَٰتِ وَٱلۡأَرۡضِ رَبَّنَا

وَعَلَىٰ جُنُوبِهِمۡ	وَيَتَفَكَّرُونَ	فِي خَلۡقِ ٱلسَّمَٰوَٰتِ	وَٱلۡأَرۡضِ	رَبَّنَا
اور اپنے پہلوں پر	اور وہ غور و فکر کرتے ہیں	آسمانوں کی پیدائش میں	اور زمین کی	(اور کہتے ہیں) اے ہمارے رب
اور آسمانوں اور زمین کی پیدائش میں غور و فکر کرتے ہیں اور کہتے ہیں اے ہمارے رب				

مَا خَلَقۡتَ هَٰذَا بَٰطِلٗا سُبۡحَٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ ٱلنَّارِ ﴿١٩١﴾

مَا خَلَقۡتَ	هَٰذَا	بَٰطِلٗا	سُبۡحَٰنَكَ	فَقِنَا	عَذَابَ ٱلنَّارِ ﴿١٩١﴾
نہیں تونے پیدا کیا	یہ	بے فائدہ	تو پاک ہے	چنانچہ تو ہمیں بچا	آگ کی عذاب سے
تونے یہ سب کچھ بے مقصد تو پیدا نہیں کیا ہے تو پاک ہے (اس سے کہ کوئی بے کار کام کرے) پس تو ہمیں دوزخ کے عذاب سے بچا					

رَبَّنَآ إِنَّكَ مَن تُدۡخِلِ ٱلنَّارَ فَقَدۡ

رَبَّنَآ	إِنَّكَ	مَن	تُدۡخِلِ	ٱلنَّارَ	فَقَدۡ
اے ہمارے رب	بیشک تو	جسے	داخل کرے گا	آگ میں	تو یقیناً
اے ہمارے رب بیشک تو جسے آگ میں داخل کرے گا- تو یقیناً					

أَخۡزَيۡتَهُۥۖ وَمَا لِلظَّٰلِمِينَ مِنۡ أَنصَارٖ ﴿١٩٢﴾ رَّبَّنَآ إِنَّنَا

أَخۡزَيۡتَهُۥۖ	وَمَا	لِلظَّٰلِمِينَ	مِنۡ أَنصَارٖ ﴿١٩٢﴾	رَّبَّنَآ	إِنَّنَا
تونے اسے رسوا کر دیا	اور نہیں	ظالموں کا	کوئی مددگار	اے ہمارے رب	بیشک ہم نے

تونے اسے رسوا کر دیا اور ظالموں کا کوئی مددگار نہیں- اے ہمارے رب بیشک ہم نے سنا

سَمِعۡنَا مُنَادِيٗا يُنَادِي لِلۡإِيمَٰنِ أَنۡ ءَامِنُواْ

سَمِعۡنَا	مُنَادِيٗا	يُنَادِي	لِلۡإِيمَٰنِ	أَنۡ	ءَامِنُواْ
سنا	ایک پکارنے والے کو	وہ پکار رہا تھا	ایمان کی طرف	یہ کہ	تم ایمان لاؤ

ایک پکارنے والے کو کہ وہ ایمان کی طرف پکار رہا تھا یہ کہ تم اپنے رب پر ایمان لاؤ

بِرَبِّكُمۡ فَـَٔامَنَّاۚ رَبَّنَا فَٱغۡفِرۡ لَنَا ذُنُوبَنَا

بِرَبِّكُمۡ	فَـَٔامَنَّاۚ	رَبَّنَا	فَٱغۡفِرۡ	لَنَا	ذُنُوبَنَا
اپنے رب پر	چنانچہ ہم ایمان لے آئے	اے ہمارے رب	لہٰذا تو بخش دے	ہمارے لیے	ہمارے گناہ

چنانچہ ہم ایمان لے آئے- اے ہمارے رب تو ہمارے لیے ہمارے گناہ بخش دے

وَكَفِّرۡ عَنَّا سَيِّـَٔاتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ ٱلۡأَبۡرَارِ ﴿١٩٣﴾ رَبَّنَا

وَكَفِّرۡ	عَنَّا	سَيِّـَٔاتِنَا	وَتَوَفَّنَا	مَعَ ٱلۡأَبۡرَارِ ﴿١٩٣﴾	رَبَّنَا
اور دور کر دے	ہم سے	ہماری برائیاں	اور ہمیں فوت کر	نیک لوگوں کے ساتھ	اے ہمارے رب

اور ہم سے ہماری برائیاں دور کر دے اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ فوت کر- اے ہمارے رب

وَءَاتِنَا مَا وَعَدتَّنَا عَلَىٰ رُسُلِكَ وَلَا تُخۡزِنَا يَوۡمَ ٱلۡقِيَـٰمَةِۗ

يَوۡمَ ٱلۡقِيَـٰمَةِۗ	وَلَا تُخۡزِنَا	عَلَىٰ رُسُلِكَ	وَعَدتَّنَا	مَا	وَءَاتِنَا
قیامت کے دن	اور ہمیں رسوانہ کرنا	اپنے رسولوں کے زریعے	تونے ہم سے وعدہ کیا	وہ جس کا	اور تو ہمیں دے
اور تو ہمیں وہ دے جس کا وعدہ تونے ہم سے اپنے رسولوں کے زریعے کیا اور ہمیں قیامت کے دن رسوانہ کرنا					

إِنَّكَ لَا تُخۡلِفُ ٱلۡمِيعَادَ ﴿١٩٤﴾ فَٱسۡتَجَابَ لَهُمۡ رَبُّهُمۡ

رَبُّهُمۡ	لَهُمۡ	فَٱسۡتَجَابَ	ٱلۡمِيعَادَ ﴿١٩٤﴾	لَا تُخۡلِفُ	إِنَّكَ
ان کے رب نے	ان کی	تو قبول کی (دعا)	وعدے کی	نہیں خلاف ورزی کرتا	بیشک تو
یقیناً تو وعدہ خلافی نہیں کرتا-تو ان کے رب نے ان کی دعا قبول کی					

أَنِّي لَآ أُضِيعُ عَمَلَ عَـٰمِلٍ مِّنكُم مِّن ذَكَرٍ

مِّن ذَكَرٍ	مِّنكُم	عَـٰمِلٍ	عَمَلَ	لَآ أُضِيعُ	أَنِّي
کوئی مرد ہو	تم میں سے	کسی عمل کرنے والے کا	عمل	ضائع نہیں کرتا	یہ کہ بیشک میں
یہ کہ بیشک میں کسی عمل کرنے والے کا عمل خواہ وہ مرد ہو یا عورت ضائع نہیں کرتا					

أَوۡ أُنثَىٰۖ بَعۡضُكُم مِّنۢ بَعۡضٍۖ فَٱلَّذِينَ هَاجَرُواْ وَأُخۡرِجُواْ

وَأُخۡرِجُواْ	هَاجَرُواْ	فَٱلَّذِينَ	مِّنۢ بَعۡضٍۖ	بَعۡضُكُم	أَوۡ أُنثَىٰۖ
اور وہ نکالے گئے	ہجرت کی	پھر وہ لوگ جنہوں نے	بعض سے ہے (یعنی تم ایک ہی ہو)	بعض تمھارا	یا عورت
بعض تمھارا بعض سے ہے یعنی تم ایک ہی ہو- پھر وہ لوگ کہ جنہوں نے اپنے گھروں سے ہجرت کی-					

مِن دِيَٰرِهِمۡ وَأُوذُواْ فِي سَبِيلِي وَقَٰتَلُواْ وَقُتِلُواْ

مِن دِيَٰرِهِمۡ	وَأُوذُواْ	فِي سَبِيلِي	وَقَٰتَلُواْ	وَقُتِلُواْ
اپنے گھروں سے	اور وہ تکلیف دیئے گئے	میرے راستے میں	اور وہ لڑے	اور وہ قتل کر دیئے گئے

اور وہ میرے راستے میں تکلیف دیئے گئے اور جنہوں نے میرے راستے میں جنگ کی اور وہ قتل کر دیئے گئے

لَأُكَفِّرَنَّ عَنۡهُمۡ سَيِّـَٔاتِهِمۡ وَلَأُدۡخِلَنَّهُمۡ جَنَّٰتٖ

لَأُكَفِّرَنَّ	عَنۡهُمۡ	سَيِّـَٔاتِهِمۡ	وَلَأُدۡخِلَنَّهُمۡ	جَنَّٰتٖ
تو میں یقیناً ضرور دور کر دونگا	ان سے	ان کی برائیاں	اور یقیناً میں انہیں ضرور داخل کرونگا	ایسے باغوں میں کہ

تو میں یقیناً ضرور ان سے ان کی برائیاں دور کر دونگا اور یقیناً میں انہیں ضرور ایسے باغوں میں داخل کرونگا

تَجۡرِي مِن تَحۡتِهَا ٱلۡأَنۡهَٰرُ ثَوَابٗا مِّنۡ عِندِ ٱللَّهِۚ وَٱللَّهُ

تَجۡرِي	مِن تَحۡتِهَا	ٱلۡأَنۡهَٰرُ	ثَوَابٗا	مِّنۡ عِندِ ٱللَّهِۚ	وَٱللَّهُ
بہتی ہیں	جنکے نیچے سے	نہریں	بطور ثواب (بدلے) کے	اللہ کی طرف سے	اور اللہ

جنکے نیچے سے نہریں بہتی ہیں یہ ہے بدلہ اللہ کی طرف سے۔

عِندَهُۥ حُسۡنُ ٱلثَّوَابِ ١٩٥ لَا يَغُرَّنَّكَ تَقَلُّبُ ٱلَّذِينَ

عِندَهُۥ	حُسۡنُ	ٱلثَّوَابِ ١٩٥	لَا يَغُرَّنَّكَ	تَقَلُّبُ	ٱلَّذِينَ
اسی کے پاس ہے	اچھا	بدلہ	ہرگز دھوکے میں نہ ڈالے آپ کو	چلنا پھرنا	ان لوگوں کا جنہوں نے

اور اللہ اسی کے پاس اچھا بدلہ ہے۔اے نبی ﷺ آپ ﷺ کو ہرگز کافروں کا شہروں میں چلنا پھرنا دھوکے میں نہ ڈالے

كَفَرُواْ فِي ٱلۡبِلَٰدِ ١٩٦ مَتَٰعٞ قَلِيلٞ ثُمَّ مَأۡوَىٰهُمۡ

مَأۡوَىٰهُمۡ	ثُمَّ	قَلِيلٞ	مَتَٰعٞ	فِي ٱلۡبِلَٰدِ ١٩٦	كَفَرُواْ
ان کا ٹھکانا	پھر	تھوڑا سا	یہ فائدہ ہے	شہروں میں	کفر کیا
یہ تھوڑا سا فائدہ ہے پھر اس کے بعد ان کا ٹھکانا جہنم ہے					

جَهَنَّمُۖ وَبِئۡسَ ٱلۡمِهَادُ ١٩٧ لَٰكِنِ ٱلَّذِينَ ٱتَّقَوۡاْ

ٱتَّقَوۡاْ	ٱلَّذِينَ	لَٰكِنِ	ٱلۡمِهَادُ ١٩٧	وَبِئۡسَ	جَهَنَّمُۖ
تقوی اختیار کیا	وہ لوگ جنہوں نے	لیکن	بچھونا	اور وہ برا ہے	جہنم ہے
اور وہ بہت ہی برا ٹھکانا ہے-لیکن اس کے برعکس وہ لوگ جنہوں نے رب کا تقوی اختیار کیا					

رَبَّهُمۡ لَهُمۡ جَنَّٰتٞ تَجۡرِي مِن تَحۡتِهَا ٱلۡأَنۡهَٰرُ

ٱلۡأَنۡهَٰرُ	مِن تَحۡتِهَا	تَجۡرِي	جَنَّٰتٞ	لَهُمۡ	رَبَّهُمۡ
نہریں	جن کے نیچے	بہتی ہیں	باغات ہیں	ان کے لیے	اپنے رب کا
ان کے لیے باغات یعنی جنتیں ہیں جن کے نیچے نہریں بہتی ہیں					

خَٰلِدِينَ فِيهَا نُزُلٗا مِّنۡ عِندِ ٱللَّهِۗ وَمَا عِندَ ٱللَّهِ

عِندَ ٱللَّهِ	وَمَا	مِّنۡ عِندِ ٱللَّهِۗ	نُزُلٗا	فِيهَا	خَٰلِدِينَ
اللہ کے پاس ہے	اور جو	اللہ کی طرف سے	یہ مہمانی ہے	اس میں	ہمیشہ رہیں گے
وہ اس میں ہمیشہ رہیں گے یہ اللہ کی طرف سے بطور مہمانی ہے اور نیک لوگوں کے لیے جو کچھ اللہ کے پاس ہے					

خَيۡرٌ لِّلۡأَبۡرَارِ ١٩٨ وَإِنَّ مِنۡ أَهۡلِ ٱلۡكِتَٰبِ لَمَن يُؤۡمِنُ

يُؤۡمِنُ	لَمَن	مِنۡ أَهۡلِ ٱلۡكِتَٰبِ	وَإِنَّ	لِّلۡأَبۡرَارِ ١٩٨	خَيۡرٌ
ایمان لاتے ہیں	یقیناً وہ بھی ہیں جو	اہل کتاب میں سے	اور بیشک	نیک لوگوں کے لیے	وہ بہت بہتر ہے

وہ بہت ہی بہتر ہے-یقیناً اہل کتاب میں سے بعض ایسے بھی ہیں

بِٱللَّهِ وَمَآ أُنزِلَ إِلَيۡكُمۡ وَمَآ أُنزِلَ

أُنزِلَ	وَمَآ	إِلَيۡكُمۡ	أُنزِلَ	وَمَآ	بِٱللَّهِ
نازل کیا گیا	اور جو	تمھاری طرف	نازل کیا گیا	اور اس پر جو	اللہ پر

جو اللہ پر اور جو تمھاری طرف نازل کیا گیا اور جو ان کی طرف نازل کیا گیا ایمان لاتے ہیں

إِلَيۡهِمۡ خَٰشِعِينَ لِلَّهِ لَا يَشۡتَرُونَ بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ ثَمَنًا

ثَمَنًا	بِـَٔايَٰتِ ٱللَّهِ	لَا يَشۡتَرُونَ	لِلَّهِ	خَٰشِعِينَ	إِلَيۡهِمۡ
قیمت	اللہ کی آیات کو	نہیں وہ فروخت کرتے	اللہ سے	ڈرتے ہیں	ان کی طرف

اللہ سے ڈرتے ہیں اور وہ اللہ کی آیات کو تھوڑی سی قیمت پر فروخت نہیں کرتے

قَلِيلًاۚ أُوْلَٰٓئِكَ لَهُمۡ أَجۡرُهُمۡ عِندَ رَبِّهِمۡۗ إِنَّ

إِنَّ	عِندَ رَبِّهِمۡۗ	أَجۡرُهُمۡ	لَهُمۡ	أُوْلَٰٓئِكَ	قَلِيلًاۚ
بیشک	ان کے رب کے پاس ہے	ان کا اجر	ان کے لیے	یہ لوگ	تھوڑی سی

یہ لوگ ان کے لیے ان کا اجر ان کے رب کے پاس ہے

ٱللَّهَ سَرِيعُ ٱلۡحِسَابِ۝١٩٩ يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ ٱصۡبِرُواْ وَصَابِرُواْ

ٱللَّهَ	سَرِيعُ ٱلۡحِسَابِ۝١٩٩	يَٰٓأَيُّهَا ٱلَّذِينَ ءَامَنُواْ	ٱصۡبِرُواْ	وَصَابِرُواْ
اللہ	بہت جلد حساب لینے والا ہے	اے ایمان والوں	تم صبر کرو	اور مقابلے میں جمے رہو
یقیناً اللہ بہت جلد حساب لینے والا ہے اے ایمان والوں تم صبر کرو اور مقابلے میں جمے رہو				

وَرَابِطُواْ وَٱتَّقُواْ ٱللَّهَ لَعَلَّكُمۡ تُفۡلِحُونَ۝٢٠٠

وَرَابِطُواْ	وَٱتَّقُواْ	ٱللَّهَ	لَعَلَّكُمۡ	تُفۡلِحُونَ۝٢٠٠	
اور جڑے رہو	اور تقوی اختیار کرو	اللہ کا	تا کہ تم	فلاح پاؤ	
اور جڑے رہو اور اللہ کا تقوی اختیار کرو تا کہ تم فلاح پاؤ					

For updates, suggestions and/or comments please contact us on the following:

- Mohammad Abdur Rasheed
    - Mobile + Whatsapp: +1 (647) 462-7454
    - Email: mohammadrasheed97@gmail.com
- Jad Ul Haque
    - Mobile + Whatsapp: +966546606692
    - Telegram: @jadulhaque
    - Email: jadulhaque@gmail.com
- Azka Abdur Rasheed
    - Email: azka.a.rasheed@gmail.com

- For other documents (surahs and duas) please visit the following link: https://archive.org/details/@shehla_rani